زمل گڑیا یہ گندی لڑکی نہیں میری بیوی ہے آج سے آپ کی بھی دوست چلو ہینڈ شیک کرو ان کے ساتھ زمل کیسے ٹال سکتی تھی اپنے دوست کی بات تو منہ بنا کر اپنا ہاتھ نین کے آگے کیا۔۔

نین نے بھی مضنوعی مسکرا کر اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھ دیا زمل نے جلدی سے ہاتھ پیچھے کر لیا اور ایک جھوٹی مسکراہٹ نین کو دکھائی۔۔

نین بھی مسکرانے لگی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نین تم زمل کو گیسٹ روم دکھا دو میں ذرا فریش ہو جاؤں۔۔۔

ٹھیک ہے شازی او زمل بے ایک نظر شازم کو دیکھ کر چلی گئی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

سب کو یہ بچی بہت پسند آئی تھی لیکن وہ یہ نہیں جانتے تھے کہ اس بچی کس قدم مشکلیں پیش کرے گی۔۔

زمل کو کمرے میں چھوڑ کر اپنے کمرے میں چلی گئی۔۔

شازی مجھے یہ زمل کچھ ٹھیک نہیں لگ رہی۔۔

کیا مطلب نین۔۔۔

پتہ نہیں شازی عجیب سی ہے اس نے کیسے تمہارا ہاتھ پکڑا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اف وہ میری ڈارلنگ کو جیلسی محسوس ہو رہی ہے ارے میری جان وہ بچی ہے ذہنی طور پر ٹھیک نہیں ہے تو مجھے اپنا دوست سمجھتی ہم اس لیے فری ہے مجھ سے تم اس سے باتیں کرو گی تو تمہاری بھی دوست بن جائے گی نین میں تھک گیا کیا تم ایک کپ چائے بنا کر دے سکتی ہو۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں کیوں نہیں شازی میں بنا کر لاتی ہوں شازم بھی فریش ہونے چلا گیا۔۔۔۔

زمل کمرے میں گئی تو اتنا بڑا کمرہ دیکھ کر تو خوش ہو گئی تھی او میں مجھے میرا دوست اپنے اتنے بڑے گھر میں لے آیا اب میں مزے سے یہاں رہوں گی وہ خوش ہوتے ہوئے بچوں کی طرح بیڈ پر بیٹھ گئی۔۔۔

٥٥٥٥٥٥٥٥٥٨٥٥٥٥٥٥٥

پاشا دلاور شیخ کے پاس گیا آؤ آؤ میرے شیر دلاور پاشا کو دیکھ کر خوش ہوتے ہوئے بولا۔۔

کبیر کو کسی کام سے باہر گیا تھا ورنہ آج اس کی موت ہو جانی تھی پاشا کے ہاتھوں۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

میں یہاں بیٹھنے نہیں آیا دلاور شیخ اپنے بیٹے کو سمجھا دو کہ آئندہ وہ میرے گھر آئے تو نظریں جھکا کر آیا کرے اب وہاں میں اکیلا نہیں میری بیوی بھی رہتی ہے۔۔۔

پاشا اس دو ٹکے کی لڑکی کے لیے تم میری اور میری اولاد کی توہین کر رہے ہو دلاور شیخ غصے سے بولا۔۔۔

ایک تیز غصے کی لہر پاشا کے وجود میں اتری تھی مگر اس نے قابو پا لیا وہ دلاور شیخ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بولا۔۔۔

وہ دو ٹکے کی لڑکی نہیں میری بیوی ہے دلاور شیخ اور آئندہ کسی نے بھی اس پر بری نظر رکھی تو اس کی آنکھیں نکالنے میں مجھے کوئی پریشانی نہیں ہو گی بے شک وہ تمہادی اولاد ہی کی نہ ہو۔۔۔۔اگر میری بیوی پھر بات آئی گی تو میں کسی کا سگا نہی۔

پاشا تم بھول رہے ہو کہ تمہیں پاشا میں نے بنایا ہے میں نے اور تم آج مجھ پر ہی برس رہے ہو میں چاہوں تو تمہیں مسل کے رکھ سکتا ہوں دلاور کو بھی غصہ آیا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

نانا دلاور میں وہ پاشا نہیں رہا میں ایک طاقتور پاشا ہوں جس کے ہاتھ کبھی تمہیں مارنے کے لیے بھی نہیں رکیں گے لیکن تمہارا ابھی میرا مجھ پر احسان ہے جس کی وجہ سے میں تم لوگوں کو چھوڑ دیتا ہوں۔۔۔

دلاور اسے ریلیکس کرنے کی کوشش کرنے لگا کیونکہ وہ ابھی پاشا سے بہت سارے کام لینا چاہتا تھا ابھی وہ خود سے بدگمان نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔

چلو معاف کر دو میں سمجھا دوں گا اپنے بیٹے کو تم ریلیکس ہو۔۔۔

میں نے سنا ہے کہ تم نے ابان شاہ کو معاف کر دیا ہے کیا تم بھول گئے ہو اپنی بہن کا وعدہ۔۔۔

پاشا کی آنکھیں سرخ ہو رہی تھی میں نا خود بھولا نہیں نہ ہی ابان شاہ کو بھولنے دوں گا پاشاہ اٹھ کر چلا گیا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

oooooooooooooooo

اب تو ابان بھی ٹھیک ہو گیا تھا وفا بیڈ پر بیٹھی ہوئی کتاب پڑھ رہی تھی کہ ابان فریش ہو کر باہر نکلا۔۔۔

وہ اپنے دھیان میں کتاب پڑھ رہی تھی بال کھلے اور سفید رنگت وہ کبھی کچھ پڑھ کر مسکراتی تو کبھی سنجیدہ ہو جاتی وہ بے حد خوبصورت لگ رہی تھی۔۔۔

وہ آہستہ آہستہ قدم اٹھاتا اس کے پاس چلا گیا وفا کو تو خبر بھی نہیں دیکھے بان اس کے پاس آکر بیٹھ گیا ہے۔۔۔

ابان کو اپنا اگنور کیا جانا برا لگ اس لیے وہ گلہ کھنگار کر اسے پکارنا پڑا اہمم اہمم۔۔۔۔

وہ جلدی سے پیچھے ہوئی۔۔

Posted On Kitab Nagri

آپ۔۔۔آپ کو کوئی کام تھا اس کے پیچھے ہونے سے ابان اور اس کے قریب ہوا۔

جانم سائیں تمہارا دھیان کہاں ہے میں یہاں بیٹھا ہوں اور تم کہیں اور ہی مصروف ہو۔

وفا نے اس کے چوڑے سینے پر ہاتھ ہے رہ کر پیچھے دھکیلنا چاہا۔۔

جانم کیوں اپنے آپ کو مجھ سے دور کر رہی ہوں میں نے تمہیں جتنا ٹائم دینا تھا دے دیا ہے اب مجھے میرے حقوق چاہیے بہت کر لیا صبر اففف اتنا صبر تو کبھی نہی کیا ہوگا میں نے تم جلدی سے اپنے آپ کو تیار کر لو جانم۔۔۔

جب ہم حویلی سے اپنے گھر جائیں گے تو تمہیں میں بالکل بھی ٹائم نہیں دوں گا مجھ سے اب اور تم سے دوری برداشت نہیں ہوگی وفا تو اس کی باتیں سن کر شرم سے سرخ ہو رہی تھی وہ کیسے ایسی باتیں کر سکتا ہے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

شاہ جی پیچھے ہوں ابان اس کا سرخ چہرہ دیکھ کر مسکراتا ہوا پیچھے ہوا اور وفا جگہ ملتے ہی باہر کو بھاگی تھی۔۔

مجھے پتہ ہے جانم کہ تم نے مجھے قبول کر لیا ہے بس بتانے سے ڈر رہی ہو بہت جلد تم اپنے پیار کا اظہار کرو گی۔۔۔

وفا تو باہر اکر گہرے گہرے سانس لینے لگی اور ایک مسکراہٹ ہونٹوں پر آئی تھی کب کیسے اسے پتہ بھی چلا کہ ابان نے اس کے دل میں جگہ بنا لی تھی۔۔۔۔

ooooooooooooooo

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پاشا دلاور کے پاس سے باہر آیا تو غصے سے چہرہ لال پیلا ہو رہا تھا اس کے خاص آدمی عظیم کو اندازہ ہو گیا تھا کہ دلاور کے ساتھ کوئی بہت بڑا مسئلہ ہو گیا ہے گاڑی میں بیٹھتے ہی عظیم کو گھر جانے کا کہا وہ اس وقت سکون چاہتا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

گھر میں آکر دیکھا تو گھر میں خاموشی چھائی ہوئی تھی اس کی نگاہیں خود بہ ہو جنت کو تلاشنے لگی تھی جلدی سے کمرے میں گیا تو جنت کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھ وہ یک تک اس کے چہرے کو دیکھ رہا تھا کتنا سکون تھا اس کے چہرے پر وہ اس کے پاس ہی بیٹھ گیا۔۔

آج دلاور نے اس کی بہن کا ذکر چھیڑ کر پھر سے درد ہرے کر دیے تھے وہ چاہ کر بھی سکون حاصل نہیں کر پا رہا تھا۔۔۔

جنت نے سلام پھیرا تو باسط کی طرف دیکھا جس کی آنکھوں میں آنسو تھے جنت نے تڑپ کر اس کا ہاتھ تھا۔۔۔

باسط کیا ہوا ہے آپ کو لیکن وہ تو بس جنت کو دیکھ رہا تھا کیسے اتنا پرسکون رہ لیتی ہیں آپ جنت۔۔۔۔

باسط آپ بھی میری طرح نماز پڑھا کریں دیکھیں کہ آپ بھی پرسکون ہو جائیں گے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

سونیا کی زندگی مانگنے کے بعد باسط کبھی ٹائم ہوتا تو نماز پڑھ لی لیکن وہ پھر سے غفلت کی طرف جا رہا تھا اس نے کبھی باقاعدگی سے نماز ادا نہیں کی تھی۔۔۔

بسط اٹھا اور کھڑکی کی طرف چلا گیا اور ایک تصویر نکال کر لایا جنت حیرانی سے اٹھی جائے نماز اٹھا کر رکھا اور بیڈ پر باسط کے ساتھ جا کر بیٹھ گئی۔۔۔

کون ہے یہ باسط۔۔۔

یہ میری بہن عنایہ تھی لیکن میرے دوست نہیں اسے مار دیا یہ کہہ کر پھر سے درد سے گزر رہا تھا جنت نے اس تصویر کو دیکھا جس سے معصومیت سے بھرپور سفید رنگت گلابی ہونٹ کالی گہری آنکھیں کسی کو بھی دیوانہ کر سکتی تھی۔۔۔

باسط آپ روئے نہیں میں یہ نہیں جانتی کہ کیا ہوا تھا لیکن جب بھی آپ کا دل کریں دل ہلکا کرنے کو آپ مجھ سے شیئر کر سکتے ہیں میں آپ کی بیوی ہوں دکھ اور درد کے ساتھی میں ہمیشہ آپ کے ساتھ ہوں۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

پاشا نے نظریں اٹھا کر اس کی طرف دیکھا کتنی اچھی تھی وہ لیکن آج پھر سے ابان شاہ سے بدلہ لینے کا جنون سر پر چڑھ رہا تھا۔۔۔۔

باسط نے اپنے آنسو صاف کیے اور اٹھ کر تصویر کو الماری میں رکھا اور چلا گیا جنت نے بھی رکنے کی کوشش نہیں کی لیکن جنت نے بھی ارادہ کر لیا تھا کہ وہ پاشاہ سے دوبارہ باسط خان بنا دے گی۔۔۔۔

oooooooooooooooo

عمر تو سارا دن پوری اسٹیشن رہتا ہوا اب سونیا کا پہلے سے زیادہ خیال رکھ رہا تھا پانچ مہینے کیسے گزر کے دن پتہ ہی نہیں چلاتا ابھی بھی سونیا بیڈ پر بیٹھی اپنے بچے کے بارے میں سوچ رہی تھی کہ اس کے نمبر پر کال آئی ان نو نمبر دیکھ کر تو اس نے کال نہ اٹھایا لیکن دوسری طرف سے کوئی ڈیٹ ہی تھا تنگ آکر اس نے کاٹ اٹھائی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کون ہے جس کو سکون ہی نہیں۔۔۔

ارے میری بلبل تو بولنے لگی ہے کبیر کی آواز سن کر سونیا کا رنگ اڑا تھا۔۔

کک۔۔۔کبیر۔۔۔

ہاں میری بلبل کبیر تمہیں کیا لگا تم مجھ سے بچ جاؤ گی نہیں بلبل بہت جلد میں تیرے شوہر کا غرور اور تیری عزت ختم کروں گا اور کال بند کر دی۔۔

سونیا کے تو ہاتھ کانپنے لگے تھے اس نے جلدی سے عمر کو کال کی۔۔۔۔

کیا ہوا میری بیگم کو میری یاد آنے لگی ہے۔۔

عمر عمر وہ کبیر کبیر۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیا ہوا سونیا تم ٹھیک ہو نا۔۔

عمر وہ کبیر کی کال آئی تھی وہ وہ مجھے لے جائے گا کبیر وہ مجھے مار دے گا مار دے گا سونیا بری طرح رو رہی تھی

سونیا میں ہے ابھی آتا ہوں تم پریشانان نہ ہو عمر جلدی سے اٹھا گھر کی طرف چلا گیا۔۔۔

10منٹ میں وہ ریش ڈرائیونگ کر کے گھر پہنچا تھا اور بھاگتا ہوا کمرے میں گیا۔۔۔۔

سونیا ابھی تک رو رہی تھی سونیا میری جان۔۔

عمر وہ کال آئی تھی وہ کہتا ہے وہ مجھے لے جائے گا ہمارے بچے کو بھی مجھے نہیں جانا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

سونیا میں ہوں نا تمہیں فکر کرنے کی ضرورت نہیں جلدی سے عمر نے سونیا کو میڈیسن دی اور سونے کے لٹا دیا اور عمر کسی گہری سوچ میں تھا اسے اب جلد سے جلد کبیر کو ڈھونڈنا تھا جو کہ غائب تھا۔۔۔۔

ooooooooooooo

صبح سب ناشتہ کر رہے تھے کہ زمل بھی آگئی اور اس نے سر اٹھا کر دیکھا اوپر سیڑھیوں سے شازم اور نین کو ایک ساتھ مسکراتے ہوئے نیچے آتے ہوئے دیکھ کر اس کے بدن میں آگ لگی تھی۔۔

زمل تو بس شازم کو دیکھ رہی تھی نیلی پینٹ اور سفید شرٹ بے حد خوبصورت لگ رہا تھا۔۔۔

بیٹھو بیٹا آپ کیوں کھڑی ہو دا جی اسے پکارا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

دوست وہ جلدی سے شازم کے پاس آگئی زمل کیا ہوا تمیں ٹھیک سے نیند تو آئی ہے نا۔۔

ہاں دوست مجھے بہت اچھی نیند آئی ہے چلو پھر ناشتہ کرتے ہیں۔۔

نین نے ناگواری سے زمل کو دیکھا تھا وفا بھی اس زمل کو ہی دیکھ رہی تھی جب جب شازم اور نین ساتھ ہوتے تھے یہ ان کے درمیان آجاتی تھی۔۔۔

نین شازم کے پاس بیٹھنے لگی تو زمل جلدی سے شازم کے ساتھ والی کرسی پر بیٹھ گئی۔۔

زمل یہ میری جگہ ہے تم کسی اور کرسی پر بیٹھ جاؤں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نہیں نین میں دوست کے ساتھ ہی بیٹھوں گی آپ کہیں اور بیٹھ جائیں۔۔۔

میں نے کہا کہ اٹھو نین غصے سے بولی۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیا ہو گیا ہے نین تم آج کسی اور نے کرسی پر بیٹھ جاؤ شازم بولا۔۔۔

نہیں شازم میں ہمیشہ تمہارے ساتھ بیٹھتی ہوں آج بھی میں یہاں ہی بیٹھوں گی۔۔۔

نین آپ ہمیشہ یہاں بیٹھتی تھیں لیکن آج میں بیٹھی ہوں آپ کہیں اور بیٹھ جائیں زمل نے اسے سنجیدگی سے کہا وہ کہیں سے بھی چھوٹی اور دماغ سے بیمار نہ لگی تھی۔۔

نین لب میچ کر سامنے والے کرسی پر بیٹھ گئی اور وہ پکا شازم سے ناراض ہو چکی تھی۔۔۔

نین سامنے کرسی پر بیٹھی تو زمل نے مسکرا کر نین کی طرف دیکھا جیسے کہہ رہی ہو اب یہ جگہ میری ہے۔۔

دوست آپ ہمیشہ مجھے ہاسپٹل میں اپنے ہاتھ سے ناشتہ کرواتے ہیں ویسا ہی ناشتہ کروائیں نا۔۔

Posted On Kitab Nagri

نین نے ناشتے سے ہاتھ روکا شازم کی طرف دیکھا سب اسے بچی سمجھ رہے تھے لیکن وفا اور نین کو عجیب لگ رہا تھا۔۔

شازم نے نین کی طرف دیکھا جو اسے عجیب نظروں سے دیکھ رہی تھی۔۔

دوست کرواؤ نازمل نے شازم کو نین کی طرف دیکھتے ہیں پایا تو دوبارہ سے بولی۔۔

شازم پہلا نوالہ توڑ کر اسے کھلانے لگا تو نین جلدی سے اٹھی میرا ناشتہ ہو گیا۔۔۔

بیٹا ابھی تم نے کچھ کھایا نہیں۔۔۔

نہیں داجی پہلے آپ لوگ غیروں کو ناشتہ کروالیں میرا ہو جائے گا بعد میں بے رخی سے کہتے ہوئے چلی گئی۔۔۔

شازم کو اس کی سمجھ نہ آئی کہ اسے غصہ کس بات پر ا رہا ہے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

دوست آپ نین کی طرف کیوں دیکھ رہے ہیں مجھے ناشتہ کروائیں نا۔۔

خود کرو زمل تم بچی تو نہیں ہو نسیم بیگم بولی تھی۔۔۔

انہیں اپنی بچی کی حالت سمجھ میں آرہی تھی نہیں میں دوست کے ہاتھ سے کھاؤں گی۔۔

نہیں زمل تم خود کھاؤ گے مجھے دیر ہو رہی ہے شازم بھی اٹھ کر چلا گیا زمل کو نسیم بیگم پر بہت غصہ آیا تھا انہیں سبق کھانے کا سوچتے ہوئے ناشتہ کرنے لگی۔۔

نین کمرے میں آکر رونے لگی۔۔

شازم نے کل کی لڑکی کو اس پر اہمیت دی تھی نین سے برداشت نہیں ہو رہا تھا اب تم سے بات ہی نہیں کروں گی اسے زمل پر بھی بے حد غصہ تھا جو اس کے شوہر پر حق جما رہی تھی وہ بنا ناشتہ کیے ہی دوبارہ سے لیٹ گئی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ooooooooooooooo

مایا۔۔

جی بھائی تمہارا ٹائم آگیا ہے کہ تم آجاؤ۔۔

واؤ بھائی میں کب سے ایکسائٹڈ تھی کہ کب اپٹ مجھے بلائیں گی۔۔

اب وقت آگیا ہے کہ ہم اپنی بہن کا بدلہ لیں تم کل کی فلائٹ سے ہی پاکستان آجاؤ۔۔

جی بھائی میں کل ہی آپ سے آکر ملتی ہوں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ لندن والے شہر میں رہ کر بھی ان کے جیسی ہی ہو گئی تھی مایا کی ڈریسنگ دیکھ کر کوئی نہیں کہہ سکتا تھا کہ وہ لڑکا ہے یا لڑکی لیکن بس بالوں کی وجہ سے وہ پہچانے جاتی تھی کہ وہ لڑکی ہے۔۔

اف میں کل پاکستان جاؤں گی کتنا مزہ آئے گا ابان شاہ تم سے اپنی بہن کا بدلہ لینے کا اذیت سے اس کی آنکھوں کے سامنے سے اپنے معصوم بہن کا چہرہ آیا تھا اور آنسو آنکھوں سے نکلے تھے۔۔۔

ooooooooooooooooo

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شازم کے سامنے سارا دن اپنی ڈارلنگ کا چہرہ آتا رہا تھا وہ جانتا تھا کہ وہ ناراض ہو گئی۔۔

اس کے لیے راستے سے پھولوں کا گلدستہ اور اس کا من پسند کیک چاکلٹ جس کے پیچھے تو نین پاگل ہو جایا کرتی تھی وہ سیدھا کسی سے بات کی ہے بغیر اپنے کمرے میں گیا تھا اور

Posted On Kitab Nagri

زمل اس کے ہاتھ میں پھول دیکھ کر جل بھن گئی تھی کہ وہ یہ پھول اس چڑیل کے لیے لے کر گیا تھا کچھ سوچ کر اس کے چہرے پر مسکراہٹ آئی تھی۔۔۔۔

وہ کمرے میں گیا نین فریش ہو کر نکل رہی تھی۔

نین۔۔۔

شازم نے پکارا نین نے اس کی طرف دیکھا تو ناراضگی سے منہ موڑ لیا۔۔

میری ڈارلنگ کیا ہوا ہے۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کچھ نہیں شادی چھوڑو جاؤ تمہیں میری کیا فکر اس کا روٹھا روٹھا چہرہ شازم کو کوئی گستاخی کرنے پر مجبور کر رہا تھا میری جان مجھے معاف کر دو آئندہ میری توبہ کے تمہیں ڈانٹوں یہ لو میری طرف سے پھول اور یہ تمہارا پسندیدہ کیک۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اور پھول اس کی کمزوری تھے ابھی وہ ٹھیک طرح سے خوش بھی نہیں ہوئی تھی کہ زمل اس کے کمرے میں آگئی۔۔۔

دوست آپ آگئے نین تو زمل کو دیکھ کر غصے سے شازم کو دیکھنے لگی۔۔

دوست یہ پھول میرے لیے ہیں کیا آپ کو پتہ ہے مجھے پھول کتنے پسند ہیں وہ اس کے ہاتھ سے پھول لیتے ہوئے بولی۔۔۔

نین نے جلدی سے زمل کے ہاتھ سے پھول لے لیے سوری زمل لیکن یہ پھول میرا شوہر میرے لیے لایا ہے تمہارے لیے میں کسی نوکر کو کہہ کر منگوا دیتی ہوں۔۔۔۔

زمل شازم کی طرف دیکھ کر رونے لگی دوست مجھے یہیں پھول چاہیے۔۔۔

شازم نے نین کی طرف دیکھا جو اسے ہی دیکھ رہی تھی لیکن پھر وہ زمل کو بیمار سمجھ کر نین سے گلدستہ لے کر زمل کو دے دیا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

نین نے نم آنکھوں سے شازم کی طرف دیکھا۔۔

تھینک یو دوست وہ جلدی سے شازم کے گلے لگ گئی نین کو یہ دیکھ کر بہت غصہ ہے لیکن چپ چاپ کر کے بیڈ پر جا کر لیٹ گی۔۔۔

زمل گڑیا جاؤ جا کر آرام کرو زمل ایک نظر نین کو دیکھ کر چلی گئی۔۔۔

شازم جلدی سے نین کی طرف آیا۔۔

نین۔۔۔

دفعہ ہو جاؤ شازم۔۔۔

اپنی اس چہیتی کے پاس۔۔

Posted On Kitab Nagri

نین آئی ایم سوری یہ کیک کھا لو۔۔۔

نین نے جلدی سے اٹھ کر کیک کو پکڑا اور پورا زور لگا کر کمرے کو بیچا بیچ پھینک دیا یہ کیک بھی اس اپنے اس چہیتی زمل کو کھلاؤ آئی سمجھ آئندہ مجھ سے بات کرنے کی ضرورت نہیں تم کو۔۔

شازم نے لب بھینچ کر نین کی طرف دیکھا لیکن کچھ کہہ نہیں سکا۔۔۔

اور باہر رواذہ سے کان لگا کر سنتی زمل خوش ہوتے ہوئے کمرے میں چلی گئی بہت جلد شازم تم میرے ہو گئے یہ نین کو تمہاری زندگی سے دور کر دوں گی میں بس میں اور تم ہا ہا وہ جنونی انداز میں بولی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

oooooooooooooooooo

Posted On Kitab Nagri

ابان کو ڈاکٹر نے دو سے تین دن کا آرام بولا تھا اسے بس جلدی سے جانا تھا سارا کام پڑا تھا اس کا..

لیکن وہ داجی اور اماں کا کہنا نہیں ٹال سکا اور رک گیا اب ابان اور وفا میں بھی سب ٹھیک ہو رہا تھا وہ بھی اب خوش تھی۔۔۔

وہ عمر اور سونیہ سے ملنے گھر بھی چلی جاتی تھی لیکن ابان اسے رات کو اپنے پاس ہی رکھتا تھا وہ کہتا تھا کہ سارا دن تو ٹھیک نہیں رات وہ اپنی جانم سائیں کے بغیر نہیں گزار سکتا

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اسے تین دن گزر گئے تھے زمل مزید شازم اور نین میں غلط فہمیاں پیدا کر رہی تھی شازم بھی زمل کیے بیماری کا سوچ کا نین کو ڈانٹ دیتا تھا وفا بھی نین کو سمجھاتی یہ سب دا جی نسیم فرزانہ بیگم دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ooooooooooooooo

جنت کو اپنے لیے کچھ ضروری چیزیں چاہیے تھیں جو کہ کسی نوکر سے بھی نہیں منگوا سکتی تھی اسی لیے اس نے خود بازار چلی گی اور باسط سے اجازت لینا بھی بھول گئی تھی۔۔۔

باسط گھر آیا تو ہر جگہ جنت کو ڈھونڈا اسے اب عادت ہو گئی تھی کہ گھر آتے ہی جنت اس کے سامنے ہوتے تھی کبھی نماز پڑھ رہی ہوتی اور کبھی جلدی سے اس کے لئے پانی لے آتی لیکن آج وہ گھر نہیں تھی باسط کو غصہ آ رہا تھا۔۔۔

ابھی وہ بیٹھا سوچ رہا تھا کہ ایک دم سے دروازہ کھلا اور جنت اندر داخل ہوئی ہاتھوں میں سامان پکڑا ہوا تھا۔۔۔

کہاں گئی تھی آپ وہ جھٹکے سے اٹھا غصے سے بولا۔۔۔

جنت تو اس کے غصے سے بھوکھلا گئی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

میں ذرا بازار گئی تھی کچھ چیزیں چاہیے تھی۔۔

کس سے پوچھ کر گئی تھی آپ۔۔۔۔

وہ غلطی ہوگی باسط آئندہ خیال رکھوں گی۔۔۔۔

میں پہلی اور آخری بار کہہ رہا ہوں آپ سے جنت کے میرے بہت سارے دشمن ہیں میں نہیں چاہتا کہ وہ آپ کو میری کمزوری سمجھ کر مجھ پر حملہ کریں۔۔۔

باسط آپ کو میری فکر ہے کیا وہ خوش ہوتے ہوئے بولی۔۔۔۔

فکر تو ہوگی نا انکل آپ کو میرے ذمہ داری میں سونپ کر گئے ہیں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

بس اتنی سی بات ہے جنت کی آنکھوں میں چمک بج سی گئی تھی جو کہ باسط کی نظروں سے منفی نہیں رہی تھی۔۔۔۔

باسط کو خود ہی سمجھ نہیں آرہا تھا کہ میں کیوں غصہ کر رہا ہے وہ اس کے کو دیکھے بغیر ہی چلا گیا۔۔

جنت مسکرانے لگی مانے یا نہ مانے باسط میں نے آپ کے دل میں تھوڑی سی جگہ تو بنا لی ہے۔۔

جنت کچن میں چلی گئی تو وہاں ذلیخہ اماں کو دیکھا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

بیٹا آپ کہاں چلیں گے تھی خان صاحب تو پتہ پریشان ہو گئے تھے آپ کی وجہ سے۔۔

اماں آپ کو جب پتہ ہے نا ان کے دشمن ہیں اسی لیے پریشان ہو گئے تھے۔۔

Posted On Kitab Nagri

غلطی میری بھی ہے انہیں بتائے بغیر ہی چلی گئی اس لئے انہوں نے ڈانٹا تھا۔۔۔

اماں آپ نے ٹھیک کہا تھا آہستہ آہستہ میں نے ان کے دل میں جگہ بنانا شروع کر دی ہے۔۔

اماں بھی مسکرانے لگی مجھے یقین ہے اللہ تمہاری مدد ضرور کرے گا تم ہمارے خان کو اس دلدل سے نکال دو گے اللہ پاک آپ کے رشتے کو اور بھی مضبوط بنائے۔۔۔

اماں نے دل سے دعا دی تھی آمین جنت مسکراتے ہوئے کہا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ooooooooooooooo

آج ابان اور وفا واپس جا رہے تھے سب نے بہت روکا لیکن اب ابان نے جانا تھا سو وہ سب سے مل کر چلے گئے۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

شاہ جی اتنا مزہ آتا تھا وہاں حویلی میں مجھے وہاں ہی رہنے دینا تھا نا۔۔۔

جانم سائیں تمہیں کیا لگتا ہے میں تمہارے بغیر رہ سکتا ہوں کیا اب میں اپنے آپ سے دور تو تمھیں کبھی رکھ نہیں سکتا۔۔۔۔۔۔

شاہ جی آپ بہت اچھے ہیں۔۔

تو پیار کا اظہار کب کرو گی وہ شرارت سے بولا۔۔

جب مجھے لگے گا کہ کر دینا چاہیے۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جب تم پیار کا اظہار کرو اس دن تمہیں تمہاری ہر خوائش پوری کروں گا جو تم چاہو گی تمہیں انعام دوں گا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

او شاہ جی پھر تیار رہے گا آپ سے کچھ ایسا مانگوں گی کہ شاید آپ دے نہ سکیں وفا نے تنگ کرتے ہوئے نارمل انداز میں بولا۔۔۔۔

تم جان بھی مانگی گی تو تمہارا یہ شاہ دے دے گا وہ شرارتی انداز میں بولا۔۔۔۔

دونوں ہی نہیں جانتے تھے کہ ان کی مذاق میں کی گئی باتیں جلد ہی پوری ہونے والی ہیں۔۔۔۔۔۔۔

ooooooooooooooo

پاشا تو کب سے گھر واپس ہی نہیں گیا تھا اسے ڈر لگنے لگا تھا کہ وہ اگر زیادہ دیر گھر میں رہا تو جنت سے پیار ہو جائے گا سونیا سے بے وفائی ہو جائے گی۔۔۔

لیکن اس کا دل باہر بھی نہیں لگ رہا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

ارے یار یہ پاشاہ سر کو کیا ہو گیا ہے کچھ دن پہلے کسی اور لڑکی سے پیار کرتے تھے اب یہاں بیٹھ کر شراب پی رہے ہیں گھر میں ایک عدد بیوی بھی ہے۔۔۔

ویسے تمہیں کیا لگتا ہے ہمارے پاشا سر کی زندگی میں ان کی بیوی خوشیاں لا سکے گی۔۔۔۔۔

ہاں میں نے بی بی جی کو دیکھا ہے بے حد خوبصورت ہے نمازیں بھی نہیں چھوڑتی پتہ نہیں پاشاہ سر کے ہاتھ کیسے لگ گئی چلو اب میں تو خوشی ہوگی ہمارا پاشاہ سر ہماری بیگم صاحبہ کے ساتھ خوش رہے۔۔۔۔۔

oooooooooooooooo

نین اپنی لیے چائے بنا رہے تھے کہ وہاں زمل آگئی۔

نین آپییییی۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

آپی کو لمبا کر کے اسے غصہ دلایا۔۔

زمل تم یہ کب تک ڈرامے بازی جاری رکھو گی اور تم چاہتی کیا ہو۔۔۔۔

نین میں تم کو سچ بتاؤں تو میں شازم کو چاہتی ہوں جب جب ان کو تمہارے ساتھ دیکھتی ہوں میں پاگل ہونے لگتی ہوں میرا دل کرتا ہے تم کو مار دوں زمل نین کے قریب ہوتے ہوئے بولی۔۔۔

نین تو شوکڈ کی حالت میں چلی گئی تھی کہ زمل صرف پاگل کرنے کا ڈرامہ کر رہی ہے اصل میں وہ پاگل نہی ہے۔۔ نین منہ کھولے زمل کو حیرانگی اور غصے کے ملے جلے تاثرات سے دیکھ رہی تھی۔۔۔

زمل وہ میرا شوہر ہے اسے میرا ہی رہنا ہے میں ایسا کبھی نہیں ہونے دوں گی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

دیکھتے ہیں وہ کب تک تمہارے رہتے ہیں وہ نین کا چائے کا کپ اٹھاتی ہوئی جانے لگی۔۔۔۔

زمل یہ میرا کپ ہے۔۔۔۔

نین آپی یہ کپ آپ کا تھا لیکن اب میرا ہے اسی طرح شازم بھی آپ کا تھا بس تھوڑا انتظار کرے وہ بھی میرے ہو جائیں گے اور یہ کہتی ہوئی چلی گئی۔۔۔۔۔

میں شازم کو کیسے بتاؤں وہ میرا یقین نہیں کرے گا۔۔۔۔

شازم جب بھی آتا نین کو سویا ہی پاتا وہ جانتا تھا کہ وہ آج کل ناراض ہیں لیکن وہ کیا کرتا زمل ابھی بچی تھی وہ بیمار تھی اسے ڈانٹ کر اس کی حالت خراب نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔۔

آج وہ گھر جلدی آگیا تھا تاکہ نین کو شاپنگ پر لے جا سکے اور اس کے ساتھ ٹائم گزار سکے اور اس کی ناراضگی دور کر سکے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ کمرے میں آیا تو نین کو کھڑکی کے پاس کھڑا پایا۔۔

ڈارلنگ شازم نے پکارا۔۔۔

لیکن نین نے کوئی جواب نہیں دیا۔

نین بات تو سنو اچھا سوری میں آئندہ تم کو نہیں ڈانٹوں گا پکا پرومس چلو واؤ آج شاپنگ پر چلتے ہیں اور تمہاری فیورٹ آئس کریم بھی کھاتے ہیں۔۔۔۔

شازی تم مجھے اس زمل کی وجہ سے ڈانٹتے ہو مجھے اچھا نہیں لگتا آئندہ تم نے مجھے ڈانٹا تمہیں تم سے کبھی بات نہیں کروں گی۔۔۔

اوکے میری جان پکا پرامس چلو ریڈی ہو جاؤ نین بھی مسکرا کر جانے لگی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ شازی سے ناراض رہ کر دور رہ کر اسے زمل کے قریب نہیں کرنا چاہتی تھی اس لیے وہ جلدی سے راضی ہو گئی۔۔۔۔۔

ابھی وہ لوگ باہر نکلنے لگے تھے کہ زمل نے پکارا دوست کہاں جا رہے ہو۔۔۔

زمل ہم ذرا باہر جا رہے ہیں آپ ریسٹ کرو۔۔۔

نین نے زمل کی طرف دیکھا جس کی آنکھوں میں غصہ تھا۔۔۔

دوست مجھے بھی جانا ہے۔۔

نہیں زمل تم گھر رہو ہم تھوڑی دیر میں آجائیں گے۔۔۔

زمل جس کے ہاتھ میں کانچ کا گلاس پکڑا تھا اس پر غصے سے دباؤ دیا ابھی وہ باہر نکلنے لگے تھے چھناک کی آواز سے شازم اور نین نے مڑ کر دیکھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

زمل کے ہاتھوں سے خون بھل بھل بہہ رہا تھا۔۔

زمل یہ کیا کیا تم نے شازم نے چیہا۔۔

وہ دوست مجھے پتہ ہی نہیں چلا کیسے ہو گے بہت درد کر رہا ہے زمل شازم کو دیکھ کر رونے لگی شازم کا دھیان اس کے زخم پر تھا۔۔

زمل نے نین کی طرف دیکھا اور مسکرانے لگی۔۔

نین نے دکھ سے شازم کو دیکھا تھا جو اسے چھوڑ کر پھر زمل کے پاس چلا گیا تھا۔۔۔۔

نین پلیز جاؤ کمرے سے باکس لے کر آؤ۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

خود لے آؤ شازی میں اس جیسی لڑکی کے لئے کوئی کام نہیں کروں گی شازی تو نین کی زبان درازی دیکھ کر حیران تھا۔۔۔۔

جلدی سے اٹھ کر خود لینے چلا گیا۔۔

زمل یہ تم نے اچھا نہیں کیا اور نین کمرے میں چلی گئی نوچ نوچ کر اپنی جیولری اتار اور کمرے میں پھینکی۔۔۔

شازی زمل کی پٹی کر کے واپس آیا تو نین کو بستر میں پڑے دیکھا۔۔۔

نین۔۔۔

چلے جاؤ شازم شاہ مجھ سے بات کی تو منہ توڑ دو گی تمہارا۔۔

نین یہ کس طرح تم مجھ سے بات کر رہی ہو۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

جس لائق تم ہو اسی طرح بات کر رہی ہو۔۔

شازم نے نین کا جبرہ دبوچا۔۔

خبردار دانین شازم شاہ آئندہ اس طرح مجھ سے بات کی ورنہ اس کے بعد جو ہو گا اس کی ذمیدار تم ہو گی۔۔۔۔

نین کے تو آنسو ہی نہیں رک رہے تھے ایک تو غلطی بھی خود کی اب ڈانٹ بھی اسے رہا تھا۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

شازم اسے چھوڑ کر پیچھے ہوا نین جلدی سے بستر میں گھس گئی۔۔

شازم نے اپنے چہرے پر ہاتھ پھیرا یہ اس سے کیا ہو گیا نین کی سسکیاں سنتے ہوئے اسے دکھ ہوا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

اب نین اور ناراض ہو جائے گی آج ہی تو وعدہ د کیا تھا اس سے اور اب پھر سے ڈانٹ دیا۔۔

زمل تو بہت خوش تھی کہ ان دونوں کو روک دیا اسے اب کچھ بڑا کرنا تھا جس کی وجہ سے نین ہمیشہ کے لیے شازم سے دور ہو جاتی۔۔۔۔

oooooooooooooooo

ابان نے حیدر کو گھر بلایا تھا حیدر تو وفا کے ساتھ مل کر بہت خوش تھا بابھی آپ تو بہت اچھی ہیں۔۔

تھینک یو بھائی لیکن میں نے آج آپ کے لیے سپیشل بریانی بنائی ہے کھا کر جایئے گا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کیوں نہیں میری بہن نے بنائی ہے میں کھا کر جاؤں گا وفا بھی خوش ہوتے ہوئے کچن میں چلی گئی۔۔

حیدر تمہیں پتہ ہے خان انڈسٹری کی مالک مایا خان آج ہمارے آفس میں ڈیل کرنے آرہی ہے تو وہ ڈیل تم نے ہینڈل کرنی ہے۔۔

تمہاری بہن تو مجھے آفس جانے نہیں دے گی۔

او ہو یار تم فکر ہی نہ کرو میں سنبھال لوں گا سب۔۔

اب بیٹھو بریانی کھا کر جو ہے نا تمہاری بہن نے ناراض ہو جائے گی۔۔۔۔۔

حیدر کو آفس میں جانا تھا اسی لیے وہ جلدی میں تھا ابھی وہ گاڑی چلا رہا تھا کہ اس کی ٹکر اگلی گاڑی سے ہوئی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اور اندر بیٹھی مایا خان کا سر گھوما تھا۔۔

ابے ایک تو پاکستان میں اندھے لوگ گاڑیاں چلاتے ہیں۔۔

حیدر بھی باہر نکل آیا۔۔۔

سوری میڈم۔۔۔۔

میڈم مائی فٹ اندھے ہو تم نظر نہیں آتا سامنے گاڑی ہے۔۔۔

حیدر تو اس کی گرے آنکھوں کو دیکھ رہا تھا کتنی خوبصورت آنکھیں ہیں وہ دل میں سوچ سکا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

گھور کیا رہے ہو ابھی تم مجھے جانتے نہیں تمہاری آنکھیں نوچ لو گی وہ شیرنی بنی اس پر جبٹی تھی وہ جو بلیک پینٹ وائٹ شرٹ اور اوپر بلیک کوٹ پہنے براؤن بال کھلے ہوئے ہیں بہت ماڈرن لگ رہی تھی۔۔۔۔

میں تو آپ کو جاننا چاہتا ہوں حیدر نے کھوئے ہوئے انداز میں کہا۔۔۔۔

کیا کہا مجھے جاننا چاہتے ہو ایسے دو تھپڑ لگاؤں گی کہ اچھے سے جان جاؤ گے بدتمیز لوفر کہے کی۔۔

اب میری گاڑی کون ٹھیک کروائے گا۔۔۔

آپ نے کہاں جانا ہے میڈم میں آپ کو ڈراپ کر دیتا ہوں۔۔۔

نو تھینکس ٹھرکی کہیں کے مجھے ایسے گھور رہے ہو جیسے کبھی خوبصورت لڑکی نہیں دیکھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

دیکھی تو بہت لیکن آپ جیسی آج دیکھی ہے۔۔۔

اف تم میرے ہاتھوں مرو گے مسٹر دفع ہو جاؤ مجھے لیٹ ہو رہا ہے ایک نظر غصے سے گھور کے گاڑی میں بیٹھ کر چلی گئی۔۔۔۔

اف یار کیا لڑکی تھی حیدر خود ہی بولا۔۔

ابان تیری باجی مل گئی ہے وہ اپنے بال سیٹ کرتے ہوئے بولا۔۔

او ہو وہ مایا خان تو پہنچ چکی ہوگی اف میٹنگ کے لیے لیٹ ہو رہا ہے وہ بھی جلدی سے گاڑی میں بیٹھا اور چلا گیا۔۔۔۔

وہ آفس پہنچا تو جلدی میں کمرے میں چلا گیا سامنے ہی اس لڑکی کو دیکھ کر آنکھیں پھٹنے کو تھیں۔۔

Posted On Kitab Nagri

مایا خان بھی اسے دیکھ کر حیران ہوئی تھی تم میرے پیچھے یہاں بھی آگئے ہو لوفر کہیں کے ---

ارے میڈم چپ کر جائیں یہ میرا آفس ہے یہاں پر میرے تھوڑی بہت عزت ہے آپ کچھ بھی بولے جا رہے ہیں---

اچھا تمہارا آفس تم ابان شاہ ہو مایاہان نے حیران ہوتے ہوئے پوچھا--

نہیں میں ابان کا دوست اور اس اس کے آفس کا پارٹنر حیدر خان ہوں--

اور ہو میں مایا خان گروپ اف خان انڈسٹری کی مالک مایا خان مایا نے ہاتھ آگے بڑھاتے ہوئے مسکراتے ہوئے کہا-----

حیدر حیران ہوا کہ ابھی وہ لڑ رہی تھی ابیتا اتنا میٹھا لہجہ--

Posted On Kitab Nagri

اتنا حیران ہونے کی ضرورت نہیں ہے حیدر خان جس کے ساتھ کام شروع کرنا چاہتی ہوں ان کے ساتھ رویہ اچھا ہی رکھتی ہوں حیدر نے بھی مایا کے ساتھ ہاتھ ملایا۔۔

مایا کا ایک دفعہ دل دھڑکا تھا اور حیدر کے دل میں بھی بیٹ مس کی تھی مایا نے جلدی سے ہاتھ پیچھے کیا۔۔

میٹنگ ختم ہوئی تو وہ پارٹنرشپ میں آگئے تھے اب مایا خان بھی ابان شاہ اور حیدر کے ساتھ کام کرے گی۔۔۔۔۔

oooooooooooooo

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

مایا بھی اپنے گھر چلی گئی وہ باسط کے پاس ہی جانا چاہتی تھی لیکن باسط نے روک دیا کہ یہیں ابھی تم کسی کی نظروں میں نہیں آسکتی نہ ہی تم مجھ سے ملو گے تاکہ تمہیں کوئی نقصان نہ پہنچا سکے میں تم سے خود ملنے آؤں گا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ٹھیک ہے بھائی اپنا خیال رکھیے گا اور بابھی کو بھی لے کر آیئے گا۔۔۔۔

oooooooooooooo

Posted On Kitab Nagri

حیدر جب بھی سونے کی کوشش کرتا اس مایا شیرنی کا خیال آ جاتا اف میری شیرنی کیا چیز ہو تم لیکن اس حیدر کو پسند آگئی ہو۔۔۔اب جلدی سے تم سے بات کرنی پڑے گی۔

oooooooooooooooo

مایا بھی حیدر کے بارے میں ہی سوچ رہی تھی پہلی نظر میں جب حیدر نے اس کے ساتھ ہاتھ ملایا تھا اس کا دل پہلی دفعہ دھڑکا تھا وہ براؤن آنکھوں والا لڑکا پسند آیا تھا لیکن صرف اب اپنے مقصد کے لیے۔۔۔۔۔

میں مایا خان اب تم سے پیار کروں گی حیدر خان صرف اپنا مقصد حاصل کرنے کے لیے ابان شاہ تک پہنچنے کے لیے میں تمہیں استعمال کروں گی تم بس میرا ایک مہرا ہو گے لیکن یہ وہ نہیں جانتی تھی کہ اس کھیل میں وہ کسی کی جان کی بازی ہرا دے گی۔۔۔

oooooooooooooooo

Posted On Kitab Nagri

شازم نین سے بات کرنے کی کوشش کر رہا تھا لیکن نیند تو مسلسل اسے اگنور کر رہی تھی شازم ایک تو کام کی وجہ سے پریشان تھا دوسرا گھر میں نین کی پریشانی اور زمل بھی ٹھیک نہیں ہو پا رہی تھی ابھی بھی وہ جلدی گھر جانے کی کوشش کر رہا تھا کیونکہ سب نین کی وجہ سے اس سے ناراض تھے۔۔

وہ گاڑی میں بیٹھا مسلسل نین کے بارے میں سوچ رہا تھا کہ سامنے سے آتی گاڑی نہیں دیکھ سکا اور اس سے ٹکر ہو بھی اس کا سر ڈیش بورڈ سے لگا تھا۔۔۔

سب لوگ اسے اٹھا کر ہاسپٹل لے گئے تھے اتنی چوٹیں نہیں آئی تھی لیکن پھر بھی بازو سر پر لگی تھی جب وہ گھر آیا تو اس کی چوٹیں دیکھ کا سب پریشان ہوئے تھے نین بھی پریشان ہوئی تھی جلدی سے آگے بڑھنے لگی تو زمل نے جلدی سے شازم کا بازو پکڑ لیا۔۔۔۔

دوست کیا ہوا ہے آپ کو نین کے بڑھتے قدم وہاں ہی تھم گئے تھے شازم نے نین کو دیکھا تھا جو اس کی طرف آنے لگی تھی لیکن رک گئی تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

جاؤ بیٹا نین شازم کے کمرے میں لے جاؤ۔۔

آنٹی میں لے جاتی ہوں۔۔۔

زمل بیٹا نین شازم کی بیوی ہے اور شازم کو اس وقت بیوی کی ضرورت ہے ایک پیشنٹ کی نہیں۔۔

نین سنبھال لے گی نسیم بیگم نے ہلکے سے غصے سے کہا تو زمل نے مضنوعی مسکراہٹ سے نسیم بیگم کی طرف دیکھا اور سائیڈ پر ہو گئی۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نین بھی شازم کو لے کر چلی گئی لیکن ابھی تک اس سے بات نہیں کی تھی۔۔۔

نین ابھی تک ناراض ہو اپنے دوست سے۔۔

Posted On Kitab Nagri

شازم وہ میرا دوست تھا میرا شوہر بھی تھا لیکن اسے اپنی بیوی سے زیادہ اپنے پیشنٹ کی فکر ہے تو میں کچھ نہیں سکتی۔۔۔

تم مزمل سے اتنی نفرت کیوں کرتی ہو۔۔

کیونکہ وہ نفرت کے قابل ہے شازم تم نہیں جانتے وہ ٹھیک ہے سب ڈرامہ کر رہی ہے۔۔۔

پلیز نین چپ کر جاؤ میرا سر درد کر رہا ہے شازم مزید اس بارے میں بات نہیں کرنا چاہتا تھا۔۔

نین بھی خاموش ہو کر چلی گئی۔۔

نین تم کیوں ایسا کر رہی ہو ہم میں مزید دوریاں پیدا کر رہی ہو وہ کب نیند کی وادیوں میں گیا اسے پتہ ہی نہیں چلا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

oooooooooooo

صبح حیدر اور مایا کی دوبارہ سے ملاقات ہوئی اس دفعہ ساتھ میں آبان شاہ بھی تھا ابان کو دیکھ کر مایا کو بہت غصہ بھی آیا لیکن وہ ضبط کر گئی۔۔۔

کہ اس کی وجہ سے آج اس کی بہن اس سے دور تھی ان دونوں کو ہی پتہ نہ چلا تھا کہ مایا باسط کی بہن ہے۔۔

کیا بات ہے حیدر تم بڑے خوش لگ رہے ہو۔۔

ہا ہا کیا بتاؤں ابان یہ مایا خان کو تمہاری بھابھی بنانے کا سوچ رہا ہو۔۔۔

کیا بات کر رہے ہو وہ لڑکا ٹائپ۔۔۔

ابے یار ایسے تو نہ کہے اب۔۔

Posted On Kitab Nagri

یار کیا نظر آیا تجھے اس میں۔۔۔۔

بہت کچھ نظر آیا بس اب کسی طرح پٹانا ہے مجھے۔۔۔

چل دیکھتے ہیں وہ میری بابھی بنتی ہے یا نہیں ابان نے ہنستے ہوئے کہا۔۔

باہر مایا خان سنتی تنزیہ مسکرائی تھی تم لوگوں نے لڑکیوں کو کھیل سمجھا ہوا ہے اب میں بتاؤں گی کھیل کیسے کھیلتے ہیں اور چلی گئی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

٥٥٥٥٥٥٥٥٥٥٥٥٥٥٥

آج ابان اور وفا شاپنگ کرنے کے مال میں آئے تھے شاہ جی مجھے کچھ نہیں چاہیے پہلے ہی آپ نے اتنا کچھ لے کر دے دیا ہے میرے پاس بہت کچھ ہے۔۔

Posted On Kitab Nagri

ارے میری جان میں چاہوں تو سارے دنیا خرید کر تمہارے قدموں میں رکھ دوں لیکن تم خریدنے ہی نہیں دیتی۔۔۔

شاہ جی آپ بھی نہ کہیں بھی شروع ہو جاتے ہیں اور شرماتے ہوئے بولی۔۔۔

اور آبان کھل کر ہنسا تھا تمہاری یہیں شرماہٹ تو تمہارے شاہ جی کی جان لیتی ہے۔۔۔۔

دور کہیں باسط کی نظروں میں غصہ آیا تھا اس کی بہن کو موت کے منہ میں پہنچا کر خود اپنی بیوی کے ساتھ ہنس رہا ہے خوش ہے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ابان نے بھی ادھر ادھر دیکھا تو باسط نظر آیا وہ جلدی سے وفا کو لے کر گیا۔۔

باسط۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

جنت نے بھی اس آدمی کو دیکھا اور وفا نے اس لڑکے کو جو سونیا کی دفعہ بھی ملا تھا اور جب آبان بیمار تھا تب بھی آیا تھا۔۔۔۔

کیسے ہو باسط۔۔۔

ٹھیک ہوں میں وہ روکھے انداز میں بولا۔۔

چلو جنت وہ جانے لگا ابان نے باسط کا ہاتھ پکڑ لیا باسط کیا ہم دو منٹ بات نہیں کر سکتے۔۔۔

نہیں آبان شاہ ہمارے بیچ بات کرنے کے لیے کچھ نہیں بچا اور مجھے تمہاری کوئی بات نہیں سنی۔۔۔

پلیز باسط لیکن باسط تو جنت کا ہاتھ پکڑ کر لے جا چکا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

باسط وہ کون تھے وہ آپ سے بات کرنا چاہتا تھا چھوڑو جنت تم اس معاملے سے دور رہو۔۔۔

آبان وہ تو آپ کی کوئی بات سننے کو تیار نہیں وفا اب اسے میری بات سنی ہوگی مجھے میرا دوست واپس چاہیے۔۔۔

ooooooooooooooo

حیدر آفس سے گھر جا رہا تھا کہ راستے میں ایک لڑکی اور اس کے آگے پیچھے کچھ لڑکے کھڑا نظر آئے۔۔

حیدر جلدی سے اترا اور ان کی پاس جا کر دیکھا تو سامنے ہی مایا خان تھی اور لڑکے اس کو تنگ کر رہے تھے۔۔۔

چل بھئی حیدر یہیں موقع ہے مایا کے سامنے ہیرو بننے کا وہ جلدی سے آگے گیا۔۔

Posted On Kitab Nagri

اوئے لڑکوں کیوں چھیڑ رہے ہو تم۔۔

ابے کون ہے بے۔ے تو جس کو بھی تنگ کرے تجھے کیا۔۔۔

مایا نے اسے دیکھا جو کہ بلیک پینٹ وائٹ ہی شرٹ اور بلیک کوٹ پہنے حد سے زیادہ ہینڈسم لگ رہا تھا۔۔

یہ میری کون ہے میں کون ہوں یہ سب چھوڑو اور نکلو یہاں سے۔۔۔

نہیں جاتے ہم کیا کر لو گے۔۔

مایا تم سائیڈ پر ہو جاؤ انہیں میں دیکھ لوں گا حیدر اپنے بازو اوپر کرتے ہوئے بولا۔۔

مایا چپ کر کے سائیڈ پر ہو گئی۔۔

Posted On Kitab Nagri

حیدر نے ایک ٹانگ ایک نشئی لڑکے کے پیٹ پر ماری وہ نیچے گرا حیدر نے مسکرا کر مایا کی طرف دیکھا جیسے کہہ رہا ہو یہ کیا کر لے گا اتنا سا کام تھا۔۔

ابھی وہ دیکھ رہا تھا کہ ایک اور لڑکا اس کی طرف بڑا اور شراب کی بوتل اس کے بازو پر ماری جس سے حیدر کے بازو سے خون نکلنے لگا اور وہ درد سے کراہ کر نیچے بیٹھ گیا۔۔۔۔۔

مایا نے یہ دیکھا تو وہ آگے آئی اور کسی ماہر فائٹر کی طرح سب کو منٹو میں مارا اس نے بھی مسکرا کر حیدر کی طرف دیکھا جیسے کہہ رہی ہوں تمہارے بس کا کام نہیں تھا۔۔

اگر لڑنا نہیں آتا تھا تو ہیرو بننے کی بھی ضرورت نہیں تھی۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زیادہ ہیروپنتی دکھا رہے تھے اب لگ گی نا چوٹ۔۔

ارے جانو جی تم کو میری اتنی فکر ہے تو میں تمہارے لیے ایسی ہزار چوٹیں کھانے کے لیے تیار ہوں۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ڈھیٹوں کی طرح مسکراتے ہوئے بولا۔۔

ٹھرکی کہیں کے اٹھو اور چلو ڈاکٹر کے پاس۔۔

ہائے میرے ہر زخم کی دعا تو تم ہو جانو اگر تم مل جاؤ تو یہ دعائیں چھوڑ دیں گے ہم وہ شرارتی انداز میں بولا۔۔

مایا بھی ہنسنے لگی پاگل چلو وہ بھی ہنستے ہوئے گاڑی میں بیٹھ گیا۔۔۔۔۔

ooooooooooooooooo

صبح شازم جب واک کرنے کے لیے باہر جانے لگا لاؤنج میں بیٹھی فرزانہ بیگم نے اسے بلایا ۔۔۔شازم بیٹا ادھر آنا ذرا میرے پاس۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

جی امی جان کہیں۔۔وہ مسکراتے ہوئے بولا

بیٹا آج کل تم میں اور نین میں کوئی لڑائی چل رہی ہے کیا...

نہیں امی ایسی تو کوئی بات نہیں..

بیٹا میں دیکھ رہی ہوں لیکن میری بات یاد رکھنا کسی تیسرے کی وجہ سے کبھی اپنا رشتہ خراب نہ کرنا گزرا ہوا وقت کبھی ہاتھ نہیں آتا۔۔

جی امی میں خیال رکھو گا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ooooooooooooooooooo

نین کی جب صبح آنکھ کھلی شازم کو اپنے پاس نہ پا کر شازم۔کی بے رخی پھر رونے لگی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

زمل جو کچن میں جا رہی تھی نین کے کمرے میں رونے کی آواز سن کر اسے مزید رلانے اور تنگ کرنے اس کے سر پھر پہنچ گئی۔۔۔۔او تو نین رو رہی ہے واہ بھائی اب بیچاری کے پاس شازم جو نہیں رہا۔۔۔

بکواس بند کرو اپنی۔۔۔

کیوں ہماری زندگیوں میں زہر گھولنے آگئی ہو۔۔

کیونکہ شازم میرا ہے اور میرا ہی رہے گا کیا ہوا جو وہ تم کو پہلے مل گیا لیکن اب وہ میرا ہو گا۔۔۔۔۔

شازم کبھی بھی تمہارا نہیں ہو گا وہ مجھ سے پیار کرتا ہے نین نے چلا کر کہا۔۔۔

آج کے بعد نہیں کرے گا زمل نے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیا مطلب۔۔۔

مطلب ابھی سمجھاتی ہوں وہ جلدی سے آگے ہوئی اپنے بال نین کے ہاتھوں میں دیکھ کر زور زور سے چیخنے لگی دوست بچاؤ بچاؤ۔۔۔۔

شازم جو کہ فرزانہ بیگم کے ساتھ باتیں کر رہا تھا زمل کی چیخنے کی آوازیں سن کر جلدی سے اوپر آیا۔۔۔

جو کہ اپنے بال نین سے چھڑوانے کی کوشش کر رہی تھی اور نین کو تو کچھ سمجھ ہی نہیں آرہی تھی ہے یہ ہوا کیا ہے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

نین چھوڑو کیا پاگل ہو گئی ہو تم زمل کو مار رہے ہو۔

ن۔۔۔نہیں۔۔شازم یہ جھوٹ بول رہی میں نے نہیں مارا وہ۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

بس کرو نین میں نے دیکھا ہے تم کو خود۔۔۔

دوست میں تو نین آپی سے بات کرنے آئی تھی یہ مجھے مارنے لگ گئی۔۔۔۔

کیوں جھوٹ بول رہی ہو تم پاگل سائیکو عورت دفع ہو جاؤ نین چیخی تھی۔۔۔

نین بس کرو شازم نے اسے چپ کروانا چاہا۔۔

میں آج اس نہیں چھوڑوں گیا اب میں ماروں گی۔۔

شازم یہ تمہیں مجھ سے چھین لے گی شازم تمہیں مجھ سے چھین لے گی یہ بالکل ٹھیک ہے یہ کوئی بچی نہیں ہے۔۔۔۔۔

دوست نین آپی کیا کہہ رہی ہیں وہ معصومیت سے بولی۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ نہیں زمل سب ٹھیک ہے۔۔۔

نہیں شازم میں اسے آج نہیں چھوڑوں گی وہ اس کو مارنے کے لیے آگے بڑھی تو زمل باہر کو بھاگی۔۔۔

نین بھی پیچھے ہوئی ابھی وہ زمل کے قریب پہنچتی تھی کہ زمل خود ہی سیریوں سے گر گئی۔۔

زمل۔۔۔شازم کی چیخ نکلی تھی۔۔۔۔

سب ہی وہاں جمع ہوئے تھے نین تو بس سکتے میں چلی گئی تھی۔۔

شازم جلدی سے زمل کو اٹھا کر کمرے میں لے کر گیا زیادہ چوٹ نہیں بس سر پر چوٹ آئی تھی اور ٹانگ پر۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ماما تائی داجی میں نے کچھ نہیں کیا میں نے میں نے نہیں گرایا وہ بس روئے جا رہی تھی وہ خود گری ہے وہ چاہتی ہے کہ میں سب کی نظروں میں گر جاؤں آپ سب لوگ میری باتوں پہ یقین کریں نا۔۔

ماما ماما دا جی میں نے نہیں گرایا ہے یہ جھوٹ بول رہی ہے میری باتوں کا کوئی تو یقین کرے۔۔۔۔

بس کر جاؤ نین میری بچی ہم جانتے ہیں کہ تم کسی کو نہیں مار سکتی ہو۔۔

شازم باہر آیا تو نین اس کے پاس گی شازی میں نے نہیں ابھی وہ کچھ اور کہتی کہ شازم نے غصے سے اس پر ہاتھ اٹھایا تھا۔۔۔

شازم دا جی گرجے تھے یہ کیا طریقہ ہے نین کو کیوں مارا۔۔۔

نین تو اپنے منہ پر ہاتھ رکھے شازم کو دیکھ رہی تھی بے یقین نظروں سے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

داجی وہ پہلے ہی بیمار تھی اور نین نے اسے دھکہ دے دیا آپ اس سے بھی تو سمجھائیں نا۔۔

شازم نے نین کی طرف دیکھا جس کی ہیزل آنکھوں کا وہ دیوانہ تھا اور آنکھوں میں آنسو دیکھ کر ایک پل کو وہ تڑپ گیا تھا۔۔

نین۔۔۔

اس نے پکارا لیکن نین بھاگ کر کمرے میں بند ہو چکی تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ تم نے اچھا نہیں کیا شازم میری بیٹی کے ساتھ میں تمہیں معاف نہیں کروں گی۔۔۔

مجھے تم سے یہ امید نہیں تھی شازم فرزانہ بیگم بھی کہہ کر چلیں گی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اور دا جی غصے سے دیکھ کر وہ بھی چلے گئے۔

مجھے نین پر ہاتھ نہیں اٹھانا چاہیے تھا وہ پچھتا رہا تھا۔۔۔

oooooooooooooooo

باسط گھر آ کر بہت پریشان تھا اسے بس اب شراب کی طلب ہو رہی تھی آج ابان شاہ پھر اس کے سامنے آیا تھا اس کا ماضی آنکھوں کے سامنے چل رہا تھا۔۔

وہ شراب پینے لگا جنت جو باسط کو کھانے پھر بلانے آرہی تھی اسے حرام چیز کو منہ لگاتے دیکھ اس کے پاس آئی۔۔۔

باسط شراب نہ پیے۔۔۔

جنت پلیز ابھی مجھے تنگ مت کریں چلی جائیں یہاں سے میں اکیلا رہنا چاہتا ہوں۔۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن میں آپ کو اکیلے نہیں رہنے دوں گی میں ہمیشہ آپ کے ساتھ ہوں۔۔۔۔

میں شراب پینا نہی چھوڑ سکتا میرا دن نہی گزرتا۔۔۔

اب میں آگئی ہو آپ کا دن بھی اچھے سے گزرے گا پلیز مگر حرام چیزوں کو منہ نہ لگایا کریں باسط اللہ پاک ناراض ہوتے ہے۔۔۔۔

باسط نے ایک نظر جنت کو سر تا پیر دیکھا کچھ زیادہ ہی اس میں ہمت آگئی تھی بولنے کی ۔۔اچھا جی تو میں اب حرام چیزوں کو منہ نہی لگاؤ گا مگر حلال کو تو لگا سکتا ہو نہ۔۔۔باسط مسکراتے ہوئے شرارت سے بولا۔۔۔

جنت اس کی بات پھر بھوکلا گئی۔۔کک۔کیا مطلب آپ کا باسط میں سمجھیں نہی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ادھر آو زرا میرے قریب سمجھاتا ہو حلال چیزوں کو کسے منہ لگاتے ہے۔۔وہ شرارت سے بولا۔۔۔

جنت اس کی باتوں کو مطلب سن کر سرخ ہوئی تھی سارا خون چہرے پھر جیسے جم سا گیا تھا ۔۔۔اسے سمجھ نہ آیا کیا بولیں۔۔۔۔

نن۔نہی آپ نشئی ہی رہے میرے بھلا سے وہ اپنی بات مکمل کرتے ہی وہاں سے بھاگ گئی۔۔۔

جنت کی بھاگنے کی سپیڈ رکھ کر باسط کا زور دار قہقہہ فضا میں گونجا جنت کی بھاگنے کی سپیڈ رکھ کر باسط کا زور دار قہقہہ فضا میں گونجا۔اسٹوپڈ وہ زیر لب مسکراتے ہوئے بڑبڑایا

oooooooooooooooooo

Posted On Kitab Nagri

حیدر اور مایا بھی ملاقاتیں چل رہی تھیں آبان بھی خوش تھا کہ چلو اس کے دوست کی زندگی میں لڑکی شامل ہو گئی۔۔۔

مایا نے پلان بنایا تھا کہ وہ اور ابان اور حیدر ایک ریسٹورنٹ نے ایک ساتھ کھانا کھائیں گے اسی لیے اس نے حیدر کو بلایا تھا کہ وہ اسے پک کر لے۔۔

وہ اسے پک کرنے گیا تو مایا کو کسی لڑکے کے ساتھ کھڑا دیکھا حیدر کو تو بہت غصہ آیا کہ اس کی جانو کے ساتھ کوئی اور لڑکا ایسے کیسے ہو سکتا ہے۔۔۔

حیدر جلدی سے آگے گیا اور مایا کے گرد بازو ڈال کے اسے اپنے قریب کیا مایا نے گھور کر حیدر کو دیکھا۔

لیکن حیدر نے اس کی نظروں کو اگنور کیا کیا حال ہے جانو۔۔۔

یہ تمہارا بھائی ہے کیا جو تم اس کے ساتھ چپک کر کھڑی ہو۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

بھائی کہنے پر وہ لڑکا مایا کی طرف دیکھنے لگا۔۔۔

ارے نہیں حیدر یہ میرا دوست ہے علی۔۔

اور بہت جلد ہماری منگنی بھی ہونے والی ہے مایا نے حیدر کے ایکسپریشن دیکھے تھے جو کہ غصے میں بدل رہے تھے۔۔۔

بھائی یہ آپ کی اس سے کبھی منگنی نہیں ہوگی کیونکہ یہ میری ہے اور یہ ہمیشہ میری ہی رہے گی چلو چلتے بنو یہاں سے۔۔۔۔

حیدر کیا کہہ رہے ہو تم۔۔۔۔

ہاں جانو میں تمہیں سمجھاتا ہوں نا میں کیا کہہ رہا ہوں چلو میرے ساتھ ہم نے کہیں پہ جانا تھا ڈیٹ کرنے تم نے ہی تو مجھے بلایا تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

مایا یہ کیا کہہ رہا ہے کون ہے یہ لڑکا علی بھی بولا۔۔۔

ابے او چل یہاں سے خبردار تمہارے زبان پہ میری جانو کا نام آیا تو تمہاری زبان کھینچ لوں گا حیدر غصے سے پھنکارا تھا۔۔

وہ لڑکا تو گھبراتا ہوا چلا گیا تھا۔۔

مایا نے گھور کر اپنے کمر پر ہاتھ رکھ کے حیدر کو دیکھا یہ کیا ڈرامے بازیاں ہیں حیدر۔۔۔

کوئی ڈرامے بازی نہیں ہے جانو میں تو تمہیں بہت جلد پرپوز کرنے والا تھا لیکن تم ہو کہ اس لنگور کے ساتھ منگنی کر رہی ہو ایسا کبھی نہیں ہوگا مایا تم صرف حیدر کی ہو اور جو چیز حیدر کو پسند آجاتی ہے وہ صرف اسی کی ہوتی ہیں۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ارے میں تم سے نہیں ڈرنے والی اپنی ایک کھوکھلی دھمکیا اپنے پاس ہی رکھنا مایا نے بھی ایک ادا سے کہا۔۔۔

ہائے ایک ہی دل ہے میری جان کتنی بار لوگی اپنی ان اداؤں سے۔۔۔۔۔۔

یہ لائن کسی اور پھر مارنا میں نہی سیٹ ہونے والی تمھارے ساتھ۔۔۔۔

تمھیں میں سیٹ بھی نہی کرنا چاہتا تمھیں تو میں اپنے بچوں کی ماں بناؤ گا میری جان۔۔۔

لوفر بدتمیز کہی کے۔۔۔۔میں نے نہی کرنی شادی تم سے

اٹھا کر لے جاؤنگا میں تمھیں دیکھ لینا۔۔۔

میرا وزن اتنا ہلکا بھی نہی ہے حیدر کے تم مایا خان کو اٹھا سکو۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہاہاہا چلو دیکھتے ہیں پھر کیا ہوتا ہے۔۔۔۔

ابھی تو چلو ابان ہمارا ریسٹورنٹ میں انتظار کر رہا ہے بہت اصرار پر مایا اور حیدر نے ابان کو بھی راضی کر لیا تھا وہ بیٹھے ریسٹورنٹ میں باتیں کر رہے تھے کہ ویٹر سے غلطی سے چائے گر گئی۔۔

یہ کیا بدتمیزی ہے اندھے ہو گئے ہو مایا تو ویٹر پر چیخ پڑی تھی۔۔

مایا پلیز ریلیکس کچھ نہیں ہوا میں ابھی صاف کر کے آتا ہوں حیدر نے اسے کام ڈاؤن کرنے کی کوشش کی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حیدر باتھ روم چلا گیا۔۔

Posted On Kitab Nagri

پیچھے ابان اور مایا ہی رہ گئے کوئی ان کے ساتھ بیٹھے کافی پیتے مسکراتے ہوئے کہ بہت ساری تصویریں لے چکا تھا حیدر بھی ان کے ساتھ آکر بیٹھ گیا کافی ساری باتوں اور کھانا کھا کر وہ لوگ یہاں سے چلے گئے لیکن مایا کا کام ہو گیا تھا۔۔۔۔

oooooooooooooooooo

شازم نے بہت کوشش کی تھی نین سے بات کرنے کی نین بالکل بھی اسے بات نہیں کر رہی تھی وہ زمل سے بھی دور ہی رہتی تھی۔۔

جہاں زمل ہوتی وہاں سے ہٹ جاتی تھی زمل بھی بہت خوش تھی کہ شازم نین دور دور ہیں۔۔۔

ابھی بھی نین باہر گارڈن میں بیٹھی اپنی سوچ میں گم تھی کہ وہاں زمل آگئی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

واہ واہ کیا بات ہے نین کن سوچوں میں گم ہوں کہی مجھے باہر نکالنے کے بارے میں تو نہیں سوچ رہی۔۔

لیکن نین نے کوئی جواب نہیں دیا۔۔۔

نین میں تم سے بات کر رہی ہوں۔۔۔۔

لیکن مجھے تم سے کوئی بات نہیں کرنی زمل پلیز چلی جاؤں اور جو تم چاہتی تھی نا وہ ہو رہا ہے یہ سب اب تمیں کیا چاہیے۔۔۔۔۔

نین آپی میں نے کیا کہا میں تو آپ کو سچے دل سے اپنی بہن مانتی ہوں لیکن آپ مجھ سے نفرت کرتی ہیں کیوں زمل روتے ہوئے بولے۔۔

نین کی تو سمجھ سے باہر تھا کہ یہ ایک دم سے پلٹ کیسے گئی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

بکواس بند کرو اپنی زمل۔۔۔

زمل جان بوجھ کر نین کے پیروں میں بیٹھ گئیں

نین آپی میں آپ کے پاؤں پڑ جاتی ہوں مجھے معاف کر دیں۔۔۔

نین نے اپنے پاؤں کھینچے جب کہ زمل جان بوجھ کر نیچے گری تھی۔۔۔

دفع ہو جاؤ بدکردار لڑکی میرے شوہر پر ڈورے ڈال رہی ہو۔۔۔۔

زمل۔۔۔۔۔۔۔۔۔

پیچھے سے شازم بھاگتا ہوا آیا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

نین ایک دم ساکت ہوئی تھی وہ پھر سے شازم کی نظر میں بری بن گئی تھی اور زمل اچھی زمل نیچے بیٹھی ہی رو رہی تھی۔۔۔۔

وہ اب دوست سے شازم کہنے لگی تھی شازم مجھے اب یہاں نہیں رہنا آپ مجھے دوبارہ سے ہاسپٹل بجوا دیں میں وہاں ہی رہ لوں گی یا مجھے کہیں ہاسٹل میں چھوڑ دیں یہاں مجھے کوئی پیار نہیں کرتا۔۔۔

شازم نے نین کی طرف دیکھ رہا تھا جو کہ اب دوبارہ سے کرسی پر بیٹھ چکی تھی اسے اب کوئی فرق نہیں پڑتا تھا نہ وہ دیکھنا چاہتی تھی۔۔۔۔

نین یہ کیا بدتمیزی ہے وہ بچی ہو کر تم سے معافی مانگ رہی ہو تم نے اتنی بدتمیزی کی اچھا ہوا اس دن تم کو تھپڑ مار دیا تھا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

نین نے بے رخی نظروں سے اسے دیکھا اور کھڑی ہو گئی تم پچھتاؤ گے شازم شاہ لیکن مجھ سے معافی نہیں ملے گی یہ یاد رکھنا تم مجھے کھو دو گے وہ بے رخی سے کہتی ہوئی چلی گئی۔۔۔

شازم نے مزمل وہ کمرے میں چھوڑا اور باہر نکل گیا ابھی اس کا ایک مہینے کا کورس رہتا تھا جس کی وجہ سے وہ واپس نہیں بھیجنا چاہتا تھا۔

نین کمرے میں جا کر رونے لگی میں تمہیں معاف نہیں کروں گی شازم کبھی نہیں کروں گی تم نے میرا بھروسہ توڑا ہے تم نے تو کہا تو تم ہمیشہ میرا ساتھ دو گے لیکن تم نے مجھے اکیلا چھوڑ دیا ہے ایک دن دیکھنے میں تو میں اکیلا چھوڑ جاؤں گی تمہیں کبھی معاف نہیں کروں گی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

oooooooooooooooo

Posted On Kitab Nagri

وفا ابان کا انتظار کر رہی تھیں کہ اسے کسی ان نو نمبر سے کال آئی پہلے تو اس نے نہ اٹھائی لیکن بار بار کرنے کے باوجود وفا نے کال اٹھا لی۔۔۔

کون ہے۔۔۔۔

تمہارا خیر خواہ۔۔۔۔

کیا مطلب وفا پریشان ہوتے ہوئے بولی تھی۔۔

میں تمہیں کچھ تصویریں بھیج رہا ہوں دیکھ لینا اور اسے اپنے شوہر سے بات کا ذکر نہ کرنا آہستہ آہستہ اس کے سارے راز کھلیں گے اس کے آدمی نے کال بند کر دی۔۔۔۔

لے میڈم آپ کا کام ہو گیا ہے ٹھیک ہے جاؤ تم مایا نے خوش ہوتے ہوئے کہا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اگر میری بہن کو اس کی محبت نہیں ملی تو آبان شاہ تمیں بھی سکون سے نہیں رہنے دوں گی جب جب تمہیں دیکھتی ہوں اپنا خسارا یاد آتا ہے اب آئے گا مزہ۔۔

ابھی وہ سوچ رہی تھی کے حیدر کی کال آئی۔۔

ہیلو مایا جانو کہاں ہو تم۔۔۔

اف حیدر اپنا یہ ٹھرکی پن کب ختم کرو گے۔۔۔۔

تم میرے اس ٹھرکی پن سے ناراض ہوتی ہو نا دیکھنا ایک دن تم میرے اس ٹھرکی پن کو مس کرو گی اور میں تمہارے پاس نہیں ہوں گا۔۔۔

مایا کا دل دھڑکا ہوتا ہے ایک دفعہ یہ کیا کہہ رہے ہو حیدر تم کہاں کی بات کہاں لے کر جا رہے ہو وہ ناراض ہوتے ہوئے بولی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اچھا جب تم مجھ سے شادی کے لیے مان جاؤ گی نہ تو اس کے بعد ٹھرکی پن ختم کر دوں گا نہیں شادی کے بعد بس ٹھرک پن سے کام نہیں چلے گا پیار بھی کروں گا وہ بھی اپنے انداز میں حیدر شرارت سے بولا۔۔۔

شٹ اب حیدر مایا تو حیدر کی بات سن کر لال ہوئی تھی۔۔۔

چلو جانو آؤں نہ کہیں چلتے ہیں۔۔

میں تمہاری جانو نہیں ہوں۔۔

چلو میرے بچے کی ماما تو بنو گی نا فیوچر۔۔۔

حیدر باز آجاؤ۔۔۔

باز تو آسمانوں پھر اڑنے کے لیے ہوتے ہے مایا میڈم وہ نہی آسکتے تمھارے پاس۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

افففف کتنا بکواس کرتے ہو تم حیدر۔۔۔

ہاہاہاہا ابھی حیدر کچھ کہتا مایا نے جلدی سے کال بند کر دی۔۔

افففف یہ بندہ مایا کہ چہرے پر مسکراہٹ تھی لیکن وہ یہ بھول گئی تھی وہ تو کھیل کھیل رہی ہے حیدر کے ساتھ دھوکہ دے رہی ہے۔۔۔۔

ooooooooooooooooooo

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وفا تو تصویریں دیکھ کر یقین ہی نہیں کر رہی تھی کہ اس کا شاہ جی دھوکہ دے سکتا ہے کیا پتہ یہ آدمی جھوٹ بول رہا ہو۔۔

کسی کام سے گئے ہوں کیا پتہ بس دوست ہو میں شاہ جی سے بات کروں۔۔

Posted On Kitab Nagri

نہیں نہیں وہ غصہ کریں گے اگر یہ سچ ہوا تو نہیں میرے شاہ جی مجھے دھوکہ نہیں دے سکتے ابھی وہ بیٹھی موبائل کو ہی دیکھ رہی تھی کہ ابان آگیا۔۔

ہیلو جانم سائیں کیسی ہو۔۔۔

وفا نے جلدی سے موبائل چھپایا میں ٹھیک ہوں شاہ جی۔۔۔

کیا ہوا جانم طبیعت تو ٹھیک ہے نا رنگ کیوں اڑا ہوا ہے۔۔

ہاں ہاں شاہ جی میں ٹھیک ہوں میں کھانا لگاتی ہوں آپ کے لیے۔۔

ٹھیک ہے جانم سائیں میں فریش ہو کر آتا ہوں۔۔۔

کھانا کھاتے ہوئے بھی وفا مسلسل تصویروں کے بارے میں سوچ رہی تھی کیا ہوا جانم کھانا کیوں نہیں کھا رہی صبح سے۔۔

Posted On Kitab Nagri

نہیں شاہ جی وہ بس دل نہیں کر رہا۔۔

چلو تھوڑا سا کھاؤ پھر ریسٹ کرنا جی وہ بس یہی کہہ کر چپ ہو گئی۔۔۔

ooooooooooooooooooo

تھانے کے سامنے گاڑیاں رکتے ہی پاشا باہر نکلا اپنے آدمیوں کو اس نے وہاں ہی رکنے کا اشارہ کیا لیکن اس کا خاص آدمی عظیم اس کے ساتھ ہی تھا۔۔۔

پاشا اندر گیا سامنے ہی ایس ایچ او بیٹھا تھا وہ پاشاہ کو دیکھتے ہی کھڑا ہو گیا ارے پاشاہ سر آپ وہ گھبراتا ہوا بولا کوئی کام تھا تو ہمیں بلا لیتے۔۔۔۔

وہ اس کی بات مکمل ہونے سے پہلے ہی کرسی پر بیٹھ گیا ہم نے سوچا کیا آپ کو تکلیف دینی ہم خود ہی ہو آتے ہیں۔۔

Posted On Kitab Nagri

پاشا سر آپ چائے پییں گے یا کافی۔۔۔

چائے۔۔

ایس ایچ او نے جلدی سے چائے کو آرڈر دیا۔۔

کل ہماری ایک زمین پر قبضہ کر لیا ہے ہمارے خلاف پارٹی نے آپ اس بارے میں کیا خیال رکھتے ہیں ایس ایچ او صاحب وہ تنزیاں بولا۔۔۔

پاشا سر ہمیں تو اس بارے میں کچھ معلوم نہیں ہم ابھی پتہ کرواتے ہیں۔۔۔۔

#کل تک آپ کو آپ کی زمین واپس مل جائے گی اتنی سی بات کے لیے آپ خود آئے ہیں ایک کال کر لی ہوتی۔۔

Posted On Kitab Nagri

بس یہاں سے گزر رہا تھا تو سوچا آپ کی خدمت میں پیش ہو کر آپ کو خاص طور پر کہہ کر جاؤں۔۔

جی جی کام ہو جائے گا آپ کا۔۔۔

پاشا یہ سنتے ہی پاشا اٹھ گیا۔۔

پاشا سر چائے۔۔۔۔

دونوں کپ خود ہی پی لینا اتنا تو میں کر سکتا ہوں تمہارے لیے اور اٹھ کر چلا گیا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ooooooooooooooooooo

شازم نے بھی نین سے بات کرنا بند کر دی تھی سب گھر والے دیکھ رہے تھے شازم اور نین کے بیچ کی بے رخی۔۔

Posted On Kitab Nagri

نسیم بیگم نے دونوں کو سمجھانے کی کوشش کی تھی لیکن نین اب شازم کے ساتھ نہیں رہنا چاہتی تھی جہاں اعتبار ہی نہ ہو وہاں رشتے نہیں رکھے جاتے زمل تو بہت خوش تھی۔۔

oooooooooooooooooooo

حیدر اور مایا ایک ریسٹورنٹ میں بیٹھے ہوئے تھے مایا کیا تم اب بھی میرا پروپوزل ایکسیپٹ نہیں کرتی۔۔

حیدر میں نے اس بارے میں سوچا نہیں ہے بس میرا آگے پیچھے کوئی نہیں ہے میں چاہتی ہوں کہ پہلے اپنا کیریئر بناؤں پھر آگے کا سوچوں۔۔۔

تو اس لنگور کے ساتھ کھڑی کیا کر رہی تھی وہ کیا نام تھا علی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

حیدر وہ میرا دوست تھا اس نے مجھے پروپوز کیا جو میں نے بس تمیں تنگ کرنے کے لیے ایسا کہہ دیا ورنہ میرا ایسا کوئی ارادہ نہیں ہے ابھی۔۔۔

ارے جانو تو میں کون سا تمہیں روکوں گا حیدر نے شرات میں کہا۔۔

ٹھیک ہے لیکن کچھ ٹائم بعد۔۔

ارے میری جانو مان گئی وہ چہتے ہوئے بولا سب لوگ اس کی طرف متوجہ ہوئے۔۔

ارے پاگل انسان بیٹھ جاؤ ورنہ میں انکار کر دوں گی۔۔

نہیں اب تم انکار نہیں کر سکتی ایک دفعہ تم نے ہاں کر دی ہے اب سے تم میری۔۔۔

مایا تو حیدر کی براؤن آنکھوں میں کھو سی گئی تھی مایا کو حیدر پسند آنے لگا تھا لیکن وہ اپنے مقصد میں اپنی محبت کو دیکھ نہیں پا رہی تھی۔

Posted On Kitab Nagri

حیدر نے ایک انگوٹھی نکال کر مایا کہ آگے کی۔۔

نہیں نہیں حیدر ابھی ہم انگیجمنٹ نہیں کر سکتے۔۔

ارے میری جانو میں انگیجمنٹ کہاں کر رہا ہوں ابھی تو صرف تمہیں ہاں کرنے کے لیے تو میں گفٹ دے رہا ہوں یہ انگوٹھی میرے نام کی تاکہ تم ہمیشہ یاد رکھو کہ تم صرف میری ہو اور تم کسی کی طرف نظر اٹھا کے بھی نا دیکھ سکو ورنہ وہ میرے ہاتھوں ضائع ہو جائے گا۔۔

ارے ہیرو زیادہ ہیرو بننے کی ضرورت نہیں ہے حیدر۔۔

ٹھیک ہے نہیں بنتا۔۔

تو کیا اجازت ہے۔۔

Posted On Kitab Nagri

مایا نے اس بات میں سر ہلایا تو حیدر نے انگوٹھی پہنا دی۔۔

وہ سونے کی انگوٹھی بہت ہی پیاری تھی مایا تو ایک دفعہ انگوٹھی کو دیکھا اور ایک دفعہ حیدر کو اور مسکرانے لگی۔۔۔۔

حیدر میرا دل کر رہا ہے آبان شاہ کے گاؤں جانے کا بہت شوق ہے مجھے گاؤں دیکھنے کا کیا تم میرے ساتھ چلو گے۔۔۔

مایا نے اپنا ایک اور مہرا چلایا۔۔

آئی ایم سوری مایا مجھے کچھ بزنس کے سلسلے میں ملک سے باہر جانا ہے آئی پرومس جب میں آؤں گا تم کو لے کر جاؤں گا۔۔

ٹھیک ہے وہ اداس ہوتے ہوئے بولی۔۔

Posted On Kitab Nagri

ارے میری جانو اداس کیوں ہو رہی ہو اگر کبھی ابان گیا تو تم بھی اس کے ساتھ چلے جانا ہماری باجی بھی بہت کیوٹ ہیں تم کو مل کر اچھا لگے گا۔

ہم وہ اتنا ہی کہہ سکی۔۔۔

oooooooooooooo

کچھ دنوں بعد وفا کا دل کیا کہ آبان کے آفس جا کر اسے ساتھ لے جا کر شاپنگ پر جائے۔۔۔

اس نے ابان کو نہیں بتایا تھا وہ اسے سرپرائز دینا چاہتی تھیدوسری طرف ابان اور مایا بزنس کے بارے میں بات کر رہے تھے کہ اس کے آدمی کج کال آئی۔۔

Posted On Kitab Nagri

میڈم ابان شاہ کی بیوی اوپر آفس میں آ رہی ہے تو مایا جلدی سے اٹھی اور جان بوجھ کر ابان کے پاس جا کر لڑکھڑائی اور ابان کے اوپر گری۔۔۔

اسی ٹائم وفا نے بھی دروازہ کھولا شاہ جی وہ مسکراتے ہوئے بولی۔۔۔

لیکن اندر کا منظر دیکھ کر اس کی مسکراہٹ سمٹی تھی۔۔

شاہ جی وہ بے یقین ہو کر بولی مایا جلدی سے پیچھے ہوئی ایم سوری ابان اور پتہ نہیں چلا کیسے گر گئی وفا اب بھی اس لڑکی کو دیکھ رہی تھی جو ان تصویروں تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مایا بھی مضنوعی شرمندہ ہوتے ہوئے بولی۔۔

کوئی بات نہیں مایا۔

ارے وفا تم یہاں۔۔

Posted On Kitab Nagri

جی شاہ جی میں یہاں مجھے لگتا ہے میں غلط ٹائم پر آگئی ہوں اس کی آنکھوں میں آنسو اور بے یقینی دے کر آبان تڑپ سا گیا تھا۔۔

وفا واپس پلٹی اور جلدی سے باہر کو بھاگی ابان بھی اس کے پیچھے بھاگا۔۔

وفا رکو میری بات سنو۔۔

کیا سنو شاہ جی جو میں نے دیکھا ہے وہ جھوٹ ہے کیا آپ اس لڑکی کے ساتھ۔۔۔۔۔

ارے میری جانم سائیں ایسا کچھ نہیں ہے وہ تو غلطی سے گر گئی تھی تمہیں اپنے شاہ جی پر یقین نہیں ہے کیا۔۔۔۔

شاہ جی جس دن آپ نے میری محبت میں شراکت کی اس دن میرا آخری دن ہو گا۔۔

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بکواس بند کرو وفا آئندہ تمہارے منہ سے مرنے کی بات نہ سنو میری زندگی میں آنے والی تم پہلی اور آخری عورت ہو جس سے میں بے پناہ محبت کرتا ہو اور کیا کرنے آئی تھی یہاں تم۔۔

شاہ جی وہ مجھے شاپنگ پر جانا تھا نا اس لیے آئی تھی وہ معصومیت سے بولی۔۔

چلو میری جانم نے شاپنگ پر وفا بھی چلی گئی۔۔

اوپر کھڑی مایا انہیں پھر سے خوش ہوتے دیکھ کر غصے سے دیوار پر مکے مارنے لگی اس کا پلان فیل ہو گیا تھا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وفا نے کسی طریقے سے جنت سے رابطہ کیا تھا اور ان دونوں کو ملانے کا سوچ رہی تھی آج وفا نے ابان کو لے کر جانا تھا باسط کے گھر۔۔

جنت مجھے ڈر لگ رہا ہے اگر باسط بھائی نے غصہ کیا تو۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ارے پگلی میں ہوں نا تم آؤ ابان بھائی کو لے کر۔۔۔

ٹھیک ہے میں آتی ہوں ابان چلیں۔۔

ہاں چلو میں بہت خوش ہوں کہ آج میں اپنے دوست سے ملوں گا۔۔

وہ باسط کے گھر گیا گارڈ نے اسے روکا۔۔

جی کہیے کس سے ملنا ہے۔۔

مجھے باسط خان سے ملنا ہے۔

وہ ابھی مصروف ہیں۔۔

انہیں کہو کہ ابان شاہ آیا ہے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

گارڈ نے اندر کال کی تو دوسری طرف سے نہ جانے کیا کہا گیا تھا کہ ابان کو اندر جانے دیا۔۔

باسط حال میں ہی کھڑا تھا۔۔

باسط میرے یار۔

باسط دو قدم پیچھے ہوا۔۔

اپنے یار سے نہیں ملے گا باسط۔۔

تم کھو چکے ہو ابان شاہ اپنے دوست کو۔۔۔

باسط یقین کرو میرا میں نے کچھ نہیں کیا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

تو کس نے کیا میری بہن نے خود بتایا تھا مجھے۔۔

آو بیٹھو بیٹھ کر بات کرتے ہیں ابان نے اس کا بازو پکڑنا چاہا۔۔

مجھے کوئی بات نہیں کرنی۔۔

باسط پلیز سن لیں جنت نے بھی کہا تو باسط نے سخت نظروں سے دیکھا۔۔

پلیز باسط بھائی۔۔

باسط بھی بیٹھ گیا کیا ہوا تھا اس رات مجھے سب جاننا ہے۔۔۔۔۔۔۔

oooooooooooooooo

Posted On Kitab Nagri

عمر آج نہ میرا دل بہت گھبرا رہا ہے آج تم میرے پاس ہی رک جاؤ نا..

ارے میرے پیاری سی بیگم مجھے بس ایس ایچ او نے بلایا ہے مجھے بس دو گھنٹے کا کام ہے میں کر کے سارا دن اپنی بیگم کے پاس رہوں گا۔۔

ایسے منہ بناؤں گی تو میں جا نہیں پاؤں گا نا۔

ٹھیک ہے عمر تم جاؤ اور اپنا خیال رکھنا تم بھی اپنا خیال رکھنا اور ہمارے بچے کا بھی۔۔۔

یا اللہ ہے میرا دل کیوں گھبرا رہا ہے سونیا پریشان سے بیٹھی تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عمر ابھی نکلا تھا کہ کبیر گھر میں داخل ہوا جلدی سے اپنی اماں کے کمرے میں گیا۔۔۔

کبیر بیٹا تم۔۔

Posted On Kitab Nagri

جی اماں میں۔۔۔

بیٹا کہاں تھے تم تمہیں پتہ ہے لائبہ مر گئی ہے اور عمر تم پر الزام لگا رہا ہے۔۔

اماں مجھے سب پتہ ہے۔۔۔۔

سونیا کا بھی ناواں مہینہ چل رہا تھا اسے پیاس لگی تو باہر پانی پینے چلی گئی سکینہ بیگم کے کمرے سے آوازیں سن کر باہر کھڑی ہو گئی۔۔

اماں مجھے 20 لاکھ چاہیے۔۔۔

بیٹا میں اتنے سارے پیسے کہاں سے لاؤں۔۔

اماں وہی جو آپ نے وفا کو بیچا تھا اس شاہ کے آگے مجھے سب پتہ ہے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

سونیا تو یہ سن لڑکھڑائی تھی اور ساتھ پڑا گلدان نیچے گرا تھا۔۔

سکینہ اور کبیر الرٹ ہوئے تھے سونیا جلدی سے چلنے لگی لیکن چلنا بھی مشکل سے جا رہا تھا۔۔۔

ارے میری بلبل تم یہاں اور چلو میں تمہیں ہی لینے آیا تھا میں تم کو لے کر کہیں دور چلا جاؤں گا اور تمہارا یہ بچہ بھی میں پا لوں گا۔۔

بکواس بند کرو اپنی۔۔۔۔۔

اور آنٹی آپ ایک عورت ہو کے کیسے اپنی ہی بیٹی کو بیچ سکتی ہیں گھن آتی ہے مجھے آپ کو عورت کہتے ہوئے۔۔

بکواس بند کرو اور چل میرے ساتھ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

نہیں نہیں میں نہیں جاؤں گی کبیر اسے گھسیٹتا ہو لے جانے لگا۔۔

کبیر چھوڑو اسے اس کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے سکینہ بیگم بھی بولی تھی۔۔

اماں بس کر مجھے یہ لڑکی چاہیے اب تو میں بچہ ہونے کے بعد اسے رکھیل بنا کر رکھوں گا۔۔

آنٹی پلیز مجھے بچائیں۔۔

سکینہ بیگم اس کی حالت کو دیکھتے ہوئے جلدی سے آگے ہوئی اور کبیر سے ہاتھ چھڑوایا چھوڑو پاگل ہو گئے ہو کیا دیکھ نہیں رہے اس کی طبیعت نہیں ٹھیک۔۔۔۔

کبیر نے اپنی ماں کو دھکہ دیا اور ایک چیخ بلند ہوئی تھی لیکن کبیر بغیر پیچھے دھیان کیے سونیا کو گھسیٹ کر لے جا چکا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

پیچھے سکینہ بیگم سیڑھیوں سے گرتی خون میں لت پت پڑی تھی۔۔۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

🔥 ماضی 🔥

Posted On Kitab Nagri

یہ ہے شاہ خاندان جس میں سکندر شاہ اپنے دو بیٹوں کے ساتھ کمال شاہ جمال شاہ کے ساتھ رہتے تھے سکندر شاہ نے اپنے گاؤں میں ہی اپنے بیٹوں کی شادیاں کر دی تھی کمال شاہ کی بیوی فرزانہ شاہ اور جمال شاہ کی بیوی نسیم شاہ جو کہ بے حد خوبصورت تھی۔۔

دوسری طرف سکندر کے دوست فیاض شیخ کا بیٹا بھی دلاور شیخ نسیم شاہ کو پسند کرتا تھا آئے روز اسے چھیڑتا رہتا تھا لیکن نسیم شاہ جمال کے ساتھ بہت خوش تھی۔۔۔

فیاض شیخ اور سکندر شاہ کی دوستی بہت پرانی تھی دونوں ہی بہت گہرے دوست تھے دلاور نے نسیم بیگم کو بہت تنگ کیا جس کی وجہ سے جمال نے غصے میں آکر ایک دفعہ دلاور کو مارا بھی تھا۔۔

سکندر شاہ گاؤں کے سرپنچ بھی تھے سب انہی کا ساتھ دیتے تھے دلاور کی بھی شادی ہو چکی تھی لیکن وہ اپنی بیوی کو روز مارتا شراب پیتا خوش نہیں رکھتا تھا اس کا ایک بیٹا خادم شیخ بھی تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

ایک دن دلاور نے نسیم بیگم کو ایک اغواہ کیا اور اس کے ساتھ بدتمیزی کرنے کی کوشش کی گاؤں والوں نے دیکھا تو جلدی سے سکندر شاہ کو بتایا کمال اور جمال بھی وہاں جمال کا تو خون کھول گیا تھا اپنی بیوی کی حالت دیکھ کر شکر ہے ان کی عزت بچ گئی۔۔۔

جمال نے اسے مارنا چاہا لیکن فیاض سے بھی اپنے اکلوتی اولاد کے خیال سے جمال کے پاؤں میں پڑ گئے تھے بیٹا معاف کر دو میرے بیٹے کو آئندہ وہ ایسا نہیں کرے گا۔۔

انکل آپ اٹھے یہاں سے آپ کیوں میرے پاؤں میں پڑھ رہے ہیں سکندر شاہ بھی اپنے دوست کی حالت نہیں دیکھ پا رہا تھا اب دلاور کا فیصلہ پنچائیت میں ہو گا سکندر نے فیصلہ سنایا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

سب لوگوں نے اس بات سے اتفاق کیا دلاور کو بہت غصہ آیا تو اس کا دل کر رہا تھا کہ وہ جمال کو مار دے۔۔

Posted On Kitab Nagri

کچھ دنوں بعد پنچایت ہوئی تو سب نے ایک زنا کرنے کے گناہ کی سزا موت دی تھی لیکن سکندر شاہ اپنے دوست کی خاطر فیصلہ بدلنے پر مجبور ہو گئے تھے میں فیاض شیخ کے بیٹے دلاور شیخ کو اس گاؤں سے در بدر کرنے کا فیصلہ کرتا ہوں اگر دلاور دوبارہ اس گاؤں میں نظر آیا تو اسے وقت اسے موت کے گھاٹ اتار دیا جائے گا۔۔۔

دلاور نے غصے سے سکندر کو دیکھا لیکن سارے گاؤں والے سکندر شاہ کے ساتھ ہی تھے اس لیے وہ ابھی فلحال چپ کر گیا تھا اور اپنی بیوی اور بچے کو لیا اور جانے لگا میں واپس آؤں گا سکندر شاہ میں واپس آؤں گا یہ کہہ کر وہ چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ مہینہ تو سکون سے گزرے کمال اور جمال دونوں گھر میں خوشخبری تھی اس فرزانہ بیگم اور کمال کے گھر بیٹا ہوا جس کا نام ابان شاہ رکھا تھا اس کے بعد جمال کے گھر پیدا ہوئی تھی بیٹی جس کا نام دانین شاہ رکھا تھا ایسے ہی دو سال بعد ہی کمال شاہ کے گھر ایک اور بیٹا پیدا ہوا جس کا نام شازم شاہ رکھا تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

نسیم بیگم تو کچھ مسئلوں کی وجہ سے دوبارہ ماں نہی بن سکی دلاور بے کی بات کو بھی سب بھول گئے تھے۔۔

ٹائم گزرتا ہوا جا رہا تھا دوسری طرف دلاور شیخ ہ دھکے کھاتے ہوئے شہر میں گزا رہا تھا زندگی اس کے اندر بدلے کی آگ آہستہ آہستہ زیادہ ہوتی جا رہی تھی۔۔۔

لیکن پہلے وہ کچھ ایسا کرنا چاہتا تھا کہ وہ طاقتور بن سکے ابھی وہ کمزور تھا کچھ کر نہیں سکتا تھا پھر وہ ایک جانے مانے گنڈے کے ساتھ کام کرنے لگا تھا لڑکیاں بیچنا شراب پینا ہر ایک برا کام دلاوا شیخ کرنے لگا۔۔۔

اس کی بیوی سے بہت روکتی تھی لیکن وہ اسے بھی مارتا وہ خدیجہ شیخ کو بیچاری اپنے بیٹے کو لے کر چپ ہو گئی تھی۔۔۔

آہستہ آہستہ دلاور شیخ بھی طاقتور ہونے لگا اس نے اپنے ہاتھ سے سب سے پہلے اپنے ہی مالک کو مارا تھا تاکہ وہ اس کی جگہ پر بیٹھ سکیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

15سال کیسے گزر گئے پتہ ہی نہیں چلا سکندر شاہ کمال اور جمال سب دلاور کو بھول گئے تھے لیکن دلاور شیخ نہیں بھولا تھا۔۔۔

وہ اب اتنا طاقتور ہو گیا تھا کہ وہ بدلا سکتا ہے اس کی بیوی بھی مر گئی تھی اور اس کا ایک بیٹا بھی اب 18 سال کا ہو گیا تھا اس نے اسے بھی اپنے ساتھ کام پر لگا لیا تھا۔۔۔

ایک دن کمال اور جمال شہر سے واپس آرہے تھے کہ دلاور نے ان کا ایکسیڈنٹ کروا دیا دونوں ہی موقع پر جانبحق ہو گئے تھے سکندر شاہ تو دونوں بیٹوں کی موت سے ٹوٹ گیا تھا دونوں بازو ہی اتر گئے تھے لیکن سب نے انہیں قدرتی موت سمجھا کسی کا دھیان دلاور شیخ کی طرف نہیں گیا تھا۔۔۔۔۔۔

نسیم بیگم اور فرزانہ بیگم بھی سنبھل گئی تھی اپنے بچوں کے لیے پھر ابان شاہ کالج میں پڑھنے گیا تو وہاں اس کی دوستی حیدر سے ہوئی تھی حیدر تو اس ٹائم بھی لڑکیوں کے درمیان کھڑا ان سے ٹھرک پن کر رہا تھا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ابان کو وہ چلبل سا لڑکا بہت پسند آیا تھا اسی طرح بات چیت کرتے ہوئے دونوں کی دوستی ہو گئی تھی پھر آہستہ آہستہ ابان اور حیدر یونیورسٹی میں داخل ہوا ایک سال گزرا تو وہاں باسط جونیئر کے طور پر نیا آیا تھا وہ شکل سے ہی پٹھان لگ رہا تھا اور معصوم بھی ابان اور حیدر نے ایک دوسرے کو دیکھا اور ایک نظر باسط کو جو سینئر کے بیچ میں پھنسا ہوا تھا ان کی ریگنگ کا حصہ بن رہا تھا۔۔۔

ارے سینیئر کیا کر رہے ہو۔۔۔

آو ابان شاہ ارے یہ جونیئر ہے بس تھوڑا سا تنگ کر رہے ہیں۔۔

باسط نے التجائی نظروں سے ابان اور حیدر کی طرف دیکھا۔۔۔

چلو نکلو اب یہاں سے خبردار میری چھمک چھلو کو کسے نے تنگ کیا تو حیدر نے پھر سے ٹھرک پن جاڑا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

باسط تو اپنے لیے چھمک چھلو کا لفظ سن کر غور سے حیدر کی طرف دیکھنے لگا یہ لڑکا ہی ہے نا یا کوئی اور مخلوق۔۔۔۔

حیدر نے باسط کے گرد بازو باندھے ارے میرے چمک چلو تم کیوں مجھے ایسے دیکھ رہی ہو۔۔۔۔

تم اتنے پیارے ہو دل کر رہا ہے تم کو کھا جاؤں۔۔

باسط تو بیچارا جلدی سے اپنا آپ چھڑوا کر ابان کے پاس چلا گیا ابان بھائی آپ مجھے بچا لے ورنہ یہ تو کھا ہی جائے گا۔۔۔

باسط معصومیت سے بولا۔۔

ابان کا قہقہ بلند ہوا تھا ادھر سے ہوئی تھی ان تینوں کی دوستی کی داستان شروع۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

حیدر کو جب بھی موقع ملتا کبھی کبھی تو باسط خود بھی شرما جاتا تھا لیکن اسے اب عادت ہو گئی تھی حیدر کی چمک چلو کہنے کی۔۔۔

دلاور کو جب پتہ چلا کہ سکندر شاہ کا پوتا ہے ادھر شہر میں ہی یونیورسٹی میں پڑھتا ہے تو اس نے اسے بھی مارنے کی کوشش کی۔۔۔۔۔۔

ابان حیدر اور باسط کسی ریسٹورنٹ میں بیٹھے تھے باسط کی نظر اچانک ہی دور کسی سرح لائٹ پر پڑی جو کہ بان کی طرف آرہی تھی۔۔۔

جب تک وہ ابان کو کچھ بتاتا گولی چل چکی تھی اور باسط نے جلدی سے ابان کو پیچھے کی اور وہ ابان کی گولی خود پر کھا لی۔۔

خون کا فوارہ باسط کے پیٹ کے قریب سے نکلا تھا باسط حیدر اور ابان چیخے تھے میری چھمک چلو کیا ہوا تم کو اور یہ کیا کر دیا کس نے کیا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

آبان تو جلدی سے باسط اٹھا کر ہاسپٹل کے لیے نکل گیا تھا ڈاکٹروں نے جلدی سے آپریشن شروع کر دیا تھا لیکن کوئی تسلی بخش جواب نہیں دیا تھا۔۔۔

تھوڑی دیر بعد ڈاکٹر باہر آیا تو انہوں نے جو خبر سنائی تھی وہ کسی قیامت سے کم نہیں تھی باسط کا ایک گردہ ضائع ہو گیا ہے اور دوسرا بھی ڈاِمج ہے جس کی وجہ سے ان کی جان جا سکتی ہے۔۔۔

آپ کسی گردے کا انتظام کریں تو ہم اپریشن شروع کرتے ہیں ورنہ انہیں کچھ بھی ہو سکتا ہے ابان اور حیدر کے لیے یہ خبر کسی قیامت سے کم نہیں تھی۔۔۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ابان نے فیصلہ کیا تھا کہ اس کی وجہ سے یہ سب ہوا ہے تو وہی اسے اپنا گردہ دے گا ابان نے ڈاکٹروں کو منع کیا تھا کہ باسط کو بتائیں اور حیدر کو بھی۔۔

ابان ایک دفعہ پھر سوچ لو۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

حیدر میرے دوست اگر باسط نے میری جان بچانے کے لیے نہیں سوچا تو میں کیسے سوچ سکتا ہوں۔۔

حیدر وہاں چپ کر گیا تھا اور ابان کا ایک گردہ باسط خان کو دے دیا گیا تھا ابان نے یہ بات سب سے چھپائی سوائے حیدر کی کسی کی اس بات کا پتہ نہیں تھا باسط کا اپریشن بھی ہو گیا تھا اور باسط کو آج تک پتہ نہیں چل سکا کہ اس کی جان بچانے والا کوئی اور نہیں اس کا دوست ہی ہے۔۔۔

کیا بکواس ہے یہ کیسے کسی اور کو گولی لگ گئی کون تھا وہ لڑکا۔۔

سر شاید ابان شاہ کا دوست تھا۔۔

اتنی گہری دوستی کے ایک دوسرے کی جان بچا لی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

باسط کو گھر میں شفٹ کر دیا گیا تھا ابان کا بھی آپریشن ہوا تھا وہ باسط کے پاس جا نہیں سکتا تھا باسط نے پوچھا بھی تھا لیکن حیدر نے بہانہ کر دیا کہ وہ گاؤں گیا ہے اس کے دا جی کی طبیعت خراب تھی۔۔۔

وقت گزرتا گیا باسط اور ابان بھی ٹھیک ہو گئے تھے ابان نے اسے ڈانٹا بھی کہ تم کیوں آئے میرے سامنے لیکن باسط نے یہ کہہ کر چپ کروا دیا کہ جب جب تمہیں میری ضرورت ہوگی میں آؤں گا۔۔۔۔

ارے میری چھمک چلو اپنے اس دیوانے کا بھی نہیں سوچا کہ اگر تمہیں کچھ ہو جاتا تو میرا کیا ہوتا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

حیدر پھر اسے ٹھرک پر اتر آیا تھا حیدر تم کبھی باز نہیں انا اپنے ٹھرک پن سے۔۔۔

اوکے باس کبھی نہیں آؤں گا۔۔

Posted On Kitab Nagri

اف ایک تو تم بھی نا ہے در دفعہ ہو جاؤ یہاں سے۔۔

oooooooooooooooooooo

السلام علیکم بھائی عنایہ اپنی بہن کے پاس لندن گئی ہوئی تھی وہ آج ہی پاکستان آئی تھی۔۔

وعلیکم السلام میری گڑیا۔۔۔

بھائی یہ لوگ۔۔

ارے عنایا ان سے ملو یہ ہے حیدر میرا دوست اور یہ ہے ابان شاہ میرا دوست ا۔۔

اسلام و علیکم حیدر بھائی۔۔

وعلیکم السلام عنایہ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

السلام علیکم آبان بھائی عنایہ تو ایک دفعہ ابان کے حسن میں کھو سی گئ تھی لیکن بھائی کے سامنے کنٹرول کر کے وہ کمرے میں چلی گئی۔۔

اچھا یار ہم بھی چلتے ہیں۔۔

اری میری چھمک چھلو اپنا خیال رکھنا تیرے بغیر تیرا یہ دیوانہ مر جائے گا۔۔۔۔

حیدر ایسے نہیں کہتے ہم ہمیشہ ساتھ رہیں گے انشاءاللہ۔۔۔۔

ایسے ہی ابان کا باسط کے گھر آنا جانا رہا اور عنایا آبان کو چھپ چھپ کر دیکھتی تھی ابان کو عنایہ کی نظر نے خود پر محسوس ہوتی تھی لیکن وہ اگنور کر دیتا تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عنایہ نے باسط سے ضد کر کے انہی کے یونیورسٹی میں داخلہ لے لیا تھا صرف ابان کے لیے تاکہ وہ سارا دن اس کے سامنے رہے وہ معصوم لڑکی ایک لاحاصل سے عشق کر بیٹھے تھی۔۔۔

بھائی چلے نا آج شاپنگ پر چلتے ہیں انایہ میری جان تم کہو اور بھائی نہ مانے یہ کیسے ہو سکتا ہے۔۔۔

وہ دونوں شاپنگ پر گئے تھے وہاں دلاور شیخ نظر جب عنایہ پر پڑی تو وہ اس کے مصومیت پر فدا ہوا تھا دلاور شیخ کی نیت خراب ہوئی تھی ہر رات وہ نئ لڑکی کے لیے گزارتا تھا لیکن عنایہ کی قسمت بری تھی کی دلاور کی اس پر نظر پڑ گئی تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عنایہ نے چوری چوری آبان کے لیے بھی گفٹ لے لیا تھا جو اس نے آبان کی برتھ ڈے پر دینا تھا ساتھ میں اس نے ایک کارڈ بنایا جس میں اس نے اپنے پیار کا اظہار کیا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

بشیر مجھے یہ لڑکی کچھ دنوں تک میرے گھر پہ چاہیے دلاور شیخ یہ تو وہی لڑکا ہے جس نے ابان کی گولی خود پر کھائی تھی او تو یہ وہ لڑکا ہے ابان شاہ کا دوست مجھے اس کی ہر قدم قدم کی رپورٹ چاہیے اور اس لڑکی کی بھی کچھ سوچتا ہوا وہ مسکرایا تھا۔۔۔۔

oooooooooooooooo

یار حیدر تم سے ایک بات کہوں۔۔۔

ہاں بولو ابان کیا بات ہے۔۔۔

یار مجھے لگتا ہے باسط کی بہن عنایہ مجھ میں انٹرسٹڈ اگر باسط کو پتہ چل گیا تو وہ مجھے غلط سمجھے گا۔۔۔

ہاں ابان میں نے بھی دیکھا ہے وہ تم کو چھپ چھپ کر دیکھتی ہے اور تمہیں دیکھتے ہی اس کی آنکھوں میں چمک آ جاتی ہوں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

لیکن اگر باسط کو پتہ چل گیا تو یہیں تو میں سوچ رہا ہوں اللہ کرے جیسا ہم سوچ رہے ہوں ویسا کچھ نہ ہو۔۔۔۔

○○○○○○○○○○○○○○○○○○○○○○

ابان شاہ یہ عنایہ خان آپ سے عشق کرتی ہے میری میری اللہ سے ایک ہی دعا ہے کہ آپ کو مجھے دے دے ورنہ مجھے اس زندگی سے کچھ نہیں چاہیے وہ ابان شاہ کے پیار میں بہت آگے نکل چکی تھی۔۔

کسی کو کیا بتائیں کتنے مجبور ہیں۔۔۔

ہم بس جس کو چاہا اسے سے دور ہیں ہم۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اس نے مسکرا کر ڈائری بند کی کل ہی ہم آپ سے اپنے پیار کا اظہار کریں گے پلیز پلیز پلیز ابان انکار مت کریے گا وہ خود سے ہی سوچتے ہوئے بولے جا رہی تھی۔۔۔

وہ خوش ہوتے ہوتے سو گئے کل کا دن اس کے لیے بہت بڑا تھا اور شاید بہت برا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اگلے دن سب دوستوں نے ابان شاہ کو پارٹی دی تھی پھر عنایہ خان تو آج خاص طور پر بلیک کلر کا لانگ فراک براؤن بال کھلے ہوئے تھے وہ آج کچھ زیادہ ہی خوبصورت لگ رہی تھی۔۔

یونیورسٹی کے لڑکوں نے کئی دفعہ مڑ مڑ کر دیکھا تھا۔۔۔۔

عنایا گڑیا کیا ضرورت تھی اتنا تیار ہونے کی باسط نے جب لڑکوں کی نظریں اپنی بہن پر محسوس کی تو بولا۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

بھائی میرا دل کر رہا تھا نا اب ڈانٹیں تو نہیں نا ورنہ میں رونے لگ جاؤں گی۔۔۔

ارے میری گڑیا میں ڈانٹ نہیں رہا اوکے کوئی بات نہیں آؤ ابان سے ملو۔۔۔

السلام علیکم ابان۔۔۔

وعلیکم السلام ابان نے بھی قسمت سے آج بلیک ہی ڈریس پینٹ کوٹ پہنا ہوا تھا۔۔۔

ہیپی برتھ ڈے ابان۔۔۔

تھینک یو عنایا۔۔

آبان اس کی آنکھوں کی چمک کو دیکھ کر بے اگنور کر رہا تھا وہ اس کے دوست کی بہن تھی وہ چاہ کر بھی اس کے لیے غلط نہیں سوچ سکتا تھا اسے صرف اپنا دوست سمجھتا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

یہ آپ کے لیے سپیشل گفٹ ابان وہ اس کے قریب ہوتے ہوئے بولی۔۔

اوکے ابان نے بے روخی سے بولا۔۔

عنایہ کو دکھ ہوا کہ ابان نے اس کی تعریف نہیں کی۔۔۔۔

وہ ساری پارٹی میں ہی دکھی پھرتی رہی اس نے ابان سے بات کرنے کی کوشش کی لیکن ابان نے موقع ہی نہیں دیا۔۔۔

پارٹی ختم ہوئی تو ابان نے گفٹ کھولنا شروع کیا جب عنایہ کا گفٹ آیا تو اس میں بہت ہی پیاری شرٹ اور اس کے ساتھ ایک کارڈ بھی تھا۔۔۔

ابان یہ دیکھو کارڈ۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

یار اب اس میں کیا ہے۔۔

مجھے کیا پتہ چلو پڑھ کر دیکھتے ہیں۔۔۔

السلام علیکم ابان امید کرتی ہوں آپ کو میرا گفٹ پسند آیا ہوگا لیکن میں نے آج گفٹ کے ساتھ ساتھ اپنا دل بھی آپ کو بھیجا ہے مجھے نہیں پتہ کب کیسے مجھے آپ سے پیار ہوا ہے لیکن میں سوچتی ہوں مجھے آپ سے پیار نہیں عشق ہوا ہے میں لڑکی ہو کر اظہار کر رہی ہوں آپ بھی مجھے کہتے ہوں گے بے شرم لڑکی ہے کہ یقین کریں میں آپ کو کھونا نہیں چاہتی اگر آپ کی رضا مندی ہے تو میں اپنے بھائی سے بات کروں گی میں یقین دلاتی ہوں کہ باسط بھائی آپ کو کچھ نہیں بولیں گے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

امید کرتی ہوں کہ آپ میرا دل نہیں توڑیں گے اب اسے کیا پتہ امیدیں تو ہوتی ہی ٹوٹنے کے لیے ہے۔۔

ابان یہ سب کیا حیدر کا تو منہ ہی کھل گیا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

اف ایک تو یہ پاگل لڑکی۔۔۔

ابان ویسے اس میں برائی ہی کیا ہے عنایا پیاری ہے پڑھی لکھی ہے۔۔

شٹ اپ حیدر وہ ہماری دوست کی بہن ہے اس کی عزت ہم اس کی عزت پر نظر نہیں رکھ سکتے۔۔

اب کیا کرنا ہے اب کیا اسے میں آرام سے سمجھاؤں گا میں جانتا ہوں سمجھدار ہے سمجھ جائے گی سمجھدار ہوتی تو یہ بے وقوفی نہ کرتی چلو کل دیکھتے ہیں کیا ہوتا ہے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اگلے دن باسط کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی جس کی وجہ سے وہ یونیورسٹی نہیں گیا تھا۔۔

عنایا اچھا سا تیار ہو کر یونیورسٹی گئی تھی وہ بہت خوش تھی شاید ابان اس کی محبت قبول کر لے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ابان اور حیدر بیٹھے تھے کہ وہاں انایہ آگئی۔۔

ہیلو ابان وہ خوش ہوتے ہوئے بولی۔۔

ابان کا دل ایک دفعہ رکا کے وہ اس معصوم کا دل نا توڑے لیکن وہ صرف دوست سمجھتا تھا اور اس کی بچپن کی منگنی بھی اپنے کزن کے ساتھ ہو چکی تھی۔۔۔

عنایہ چلو میرے ساتھ۔۔

پر کہاں۔۔۔

حیدر تم بھی چلو تینوں ایک ریسٹورنٹ میں چلے گئے۔۔

عنایہ یہاں بیٹھو اور میری بات غور سے سنو۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

تم میری دوست کی بہن ہو میں اپنے اس دوست کی بہت عزت کرتا ہوں اور میں نہیں چاہتا کہ وہ مجھے غلط سمجھے تم سمجھ رہی ہو نا میں کیا کہہ رہا ہوں۔۔۔

لیکن میں وعدہ کرتی ہوں ابان وہ آپ سے کچھ نہیں کہیں گے میں خود بھائی سے بات کروں گی۔۔

لیکن عنایہ میں تم سے پیار نہیں کرتا میری بچپن کی منگنی ہو چکی ہے اپنی کزن سے اور میرے گھر والے بھی نہیں مانیں گے پلیز تم اس راستے سے ہٹ جاؤ۔۔۔

عنایہ کی آنکھوں میں آنسو آئے تھے اپ نے میرا دل توڑا ہے ابان پلیز ایسا نہ کریں میں آپ سے بہت محبت کرتی ہوں میں آپ کے گھر والوں کے پاؤں میں پڑ جاؤں گی لیکن مجھے ددھکاریں تو مت نا۔۔۔

عنایہ تم سمجھ کیوں نہیں رہی ہے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

حیدر تم ہی سمجھاؤ۔۔۔

انایا تم میری بہنوں جیسی ہو لیکن پلیز ابان کی بات کو سمجھو وہ تم سے پیار نہیں کرتا۔۔

ایک دفعہ شادی کر لے پیار خود ہی ہو جائے گا عنایہ کا لہجہ لڑکھڑایا تھا۔۔۔

نہیں عنایہ اب مجھے سختی کرنے پر مجبور نہ کرو میں اپنے دوست کی نظروں میں گرنا نہیں چاہتا۔۔

پلیز ابان عنایہ نے کمزور سا پھر سے کہا تھا لیکن ابان بے حس بنا اس کی بات کو رد کر گیا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ابان اور حیدر چلے گئے تھے اس معصوم کا دل توڑ کر پیچھے بیٹھا دلاور شیخ اس کے بیٹے خادم شیخ کی آنکھوں میں ہوس چمکی تھی اب آئے کا مزہ جب ایک دوست کے ہاتھوں ہی ابان شاہ میں تجھے موت دوں گا وہ نظارہ ہی کچھ اور ہو گا۔۔۔۔۔

اس کے بعد بھی عنایہ آبان کے گھر جاتی رہی اور اسے مناتی رہی باسط خود کچھ پتہ ہی نہیں چل سکا۔۔۔۔

میں ہوں عنایا خان وہ عنایا خان جس کا بھائی اس کی ہر خواہش پوری کرتا ہے ایک دفعہ تو دل کیا کہ بھائی کو بتا دوں وہ خود ہی مجھے ابان شاہ لا دے گا لیکن پھر میں سوچتی ہوں اگر بھائی نے آبان کو کچھ کر دیا تو مجھے منع کر دیا تو میرا یقین ٹوٹ جائے گا بھائی سے میں کیا کروں مجھے سمجھ نہیں آرہا روتے ہوئے ڈیری لکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

Posted On Kitab Nagri

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

اس کے کئی آنسو ڈائری پر گرے تھے جس کی وجہ سے وہ گیلی ہو گئی تھی۔۔۔

میں نے ابان شاہ سے عشق کیا ہے۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یا تو آج ابان مجھے ملے گا یا میں موت کو گلے لگا لوں گی آج فیصلہ ہو جائے گا۔۔۔

ابان آپ نے تو میرا دل توڑ دیا ہے اس نے اپنی دوستی کے لیے مجھے چھوڑ دیا لیکن میں انہیں نہیں چھوڑ سکتی ہوں۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

محبت جھوٹی نہیں تھی تم سے۔

آبان شاہ

گواہ ہے ہر نماز کی دعا

عنایہ خان۔۔۔۔💔

اس نے آج ابان کا فیورٹ کلر بلیک کلر کا سادہ سا سوٹ پہنا تھا اور پھر سے اپنی تذلیل کروانے جا رہی تھی۔۔۔

ابان تیار ہو رہا تھا جب وہ اس کے گھر آئی۔۔

Posted On Kitab Nagri

حیدر ابان کہاں ہے--

وہ تیار ہو رہا ہے عنایہ--

عنایہ تم کیوں اپنی عزت داؤ پر لگا رہی ہو--

جب عشق ہو جائے تو بار بار اپنے محبوب کے ہاتھوں تذلیل ہونے کے بعد بھی کوئی فرق نہیں پڑتا اگر اس طرح کرنے سے محبوب مل جائے تو میں سو دفعہ کرنے کو تیار ہوں---

حیدر کے پاس کچھ الفاظ نہیں تھے اسے سمجھا سکے----

حیدر ابان کو بلا لایا--

تم پھر آگئی عنایہ---

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں آخری بار آپ سے اپنی محبت کی بھیک مانگنے آئی ہوں آبان مجھے میری محبت دے دوں۔۔

آبان کے دل کو کچھ ہوا اوکے ٹھیک ہے عنایا میں سوچوں گا اس بارے میں میں خود باسط سے بات کروں گا لیکن تم ابھی جاؤ۔۔۔

سچ میں ابان آپ بات کرو گے نا میرے بھائی سے۔۔

ہاں اب تم جاؤ رات ہو رہی ہے تم اپنے گھر جاؤں۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ بھی خوشی خوشی نکلی تھی ابھی وہ تھوڑی ہی دور گئے تھے کہ اس کی گاڑی کسی نے روکی تھی اور اسے نیچے اتارا تھا اس سے پہلے کہ وہ کچھ بولتی اسے بے ہوش کر دیا گیا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

جب اسے ہوش ہے تو وہ اپنا سب کچھ کھو چکی تھی اپنی عزت اپنے بھائی کا مان غرور سب ختم ہو چکا تھا وہ اس ٹائم مر جانا چاہتی تھی لیکن آج کتنی ہوش تھی کہ بان اس کے لیے مان گیا تھا لیکن کیا وہ ابان کے قابل رہیں تھی وہ بس سوچ سکی تھی۔۔۔

ایک آدمی اس کے پاس آیا تو وہ ڈر نے پیچھے ہونے لگی۔۔۔

ک۔۔۔کون ہو آپ لوگ میرے ساتھ ایسا کیوں کیا روتے ہوئے کہنے لگی۔۔۔

لیکن وہ آدمی کچھ نہ بولا اور اپنے آدمی کو کہا کہ اسے گھر کے باہر پھینک گئے وہ اب بہت بڑا کھیل کھیلنا چاہتا تھا۔۔۔۔

عنایا میں اتنی طاقت نہیں تھی کہ وہ مزاحمت کر سکتی آدمیوں نے اسے انجیکشن لگائی اس کے گھر چھوڑیں اس کے کمرے میں تا کہ کسی کو کچھ پتہ نہ چلے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اسے جب ہوش آیا تو وہ اپنے گھر میں تھی اب وہ زندہ نہیں رہنا چاہتی تھی وہ اٹھی اور پنکھے کے ساتھ رسی لٹکا کر وہ خود بھی لٹک گئی۔۔۔

ابان شاہ عنایہ خان کو آپ سے عشق ہے اور ہمیشہ رہے گا لیکن میں اب آپ کے کیا کسی کے قابل نہیں رہی ہوں اور میں مر کر بھی اپنے بھائی کا سر نہیں جھکا سکتی ہوں اور وہ جھول گئی تھی۔۔۔

کئ آنسو اس کی آنکھوں سے نکلے تھے۔۔۔۔۔۔

اور پھر عنایہ خان اپنی زندگی کی بازی ہار گئی تھی۔۔

عنایا میرے بچے میری گڑیا دیکھو کہاں ہو تم دیکھو میں تمہارے لیے تمہارا پسندیدہ کیک لایا ہوں باسط آوازیں دیتا ہوں میں اس کے کمرے میں گیا آگے کا منظر دیکھ کر اس کی چیخ نکلی اور ہاتھوں سے کیک گرا تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

عنایہ میری گڑیا یہ کیا کیا تم نے کس نے کیا جلدی سے نیچے اتارا اس کے سر گود میں رکھا۔۔

دیکھا اس کی سانسیں مدھم سی چل رہی تھی جلدی سے اٹھا کر ہاسپٹل لیے بھاگا ڈاکٹر نے سوسائٹ کے کیس زیادتی کا بتایا تو باسط وہاں ہی بت بنا بیٹھ گیا اس کی بہن کے ساتھ اتنا کچھ ہو گیا تو اسے پتہ ہی نہ چلا اس کا دل کر رہا تھا آج وہ اپنے بہن کی عزت نہ بچانے کے لیے اپنی جان لے لیں کیسا بھائی تھا وہ وہ پھوٹ پھوٹ کا رو دیا تھا ابان اور حیدر بھی آگئے تھے انہوں نے باسط کو سنبھالا تھا۔۔۔

تھوڑی دیر بعد ڈاکٹر آیا تو باسط آگے ڈاکٹر صاحب میری بہن کیسی ہیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دیکھیے ان کی سانسیں بہت مدم چل رہی ہیں وہ اپنے بھائی کو بلا رہی ہیں۔۔۔

باسط بھاگا اندر گیا۔۔

Posted On Kitab Nagri

میری گڑیا میری جان کس نے یہ حال کیا تمہارا تم نے مجھے کیوں نہیں بتایا وہ روتے ہوے بولا---

بھائی مجھے معاف کر دے آپ کی بہن اچھی نہیں ہے وہ اٹکتی ہوئی سانسوں سے بولی تھی---

کس نے کہا کہ تم اچھی نہیں ہو تم بہت اچھی ہو میری جان پلیز مجھے چھوڑ کر مت جایئے کس نے کیا ہے یہ حال میں اسے زندہ نہیں چھوڑوں گا----

-

بھائی ا---ب---ابان وہ اسے بھی آخری دفعہ دیکھنا چاہتی تھی تو اس کا نام لے گئی تھی---

ابان-----

Posted On Kitab Nagri

عنایہ نے ہاں میں سر ہلایا لیکن باسط غلط مطلب لے گیا تھا اس کی سانسیں الجھنے لگی تھی۔۔

بھائی ابان ابان عنایہ کے سانس سے اکھڑنے لگی تھی وہ آخری دفعہ اپنے محبوب کا دیدار کرنا چاہتی تھے لیکن وہ ایک دم ساکت ہوئی تھی۔۔۔

باسط باہر بھاگا اور ڈاکٹر کو اندر بھیجا باسط نے ایک قہر بھری نظر سے ابان کو دیکھا مسجد کی طرف دوڑا یا اللہ میری بہن کو بچا لے اللہ اس کی عزت نا سہی اس کی جان ہی بچا لے میں آپ کے آگے ہاتھ جوڑتا ہوں وہ روتا بھلگتا دعائیں مانگ رہا تھا لیکن کچھ دعائیں قبول نہیں ہوتی اسے عنایہ کی موت کی خبر مل چکی تھی اور ایک چلتا پھرتا جیتاجاگتا انسان پتھر کا بن چکا تھا وہ ہاسپٹل گیا تو وہاں سے عنایہ کے ڈیڈ باڈی مل گئی تھی۔۔

ابان نے اس کے پاس آیا تو باسط اس نے دھکا دیا تم ہو میری بہن کے قاتل ابان شاہ میں تمہارا خون کر دوں گا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

یہ کیسی باتیں کر رہے ہوں باسط حیدر بھی اس کے پاس آیا۔۔۔

تم دونوں ہی گنہگار ہو تم دونوں نے مارا ہے میری بہن کو۔۔۔۔

یہ کیا بکواس ہے باسط ہم نے تو پتہ بھی نہیں تم غلط سمجھ رہے ہو باسط وہ دونوں تو حیران تھے کہ باسط ان پر کیسے الزام لگا سکتا ہے۔۔۔

آئندہ تم لوگ میرے سامنے ہے تو اپنے ان ہاتھوں سے ماروں گا تم دونوں کو۔۔

باسط ہماری بات تو سنو۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دفع ہو جاؤ تم دونوں کی شکلیں نہیں دیکھنا چاہتا میں تم اور ابان اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر بچایا اور تم میری عزت پر ہاتھ مارا اس کے ساتھ زیادتی۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

بکواس بند کرو باسط ابان نے کچھ نہیں کیا اور تم نے اس کی جان بچائی ہے تو ابان نے بھی۔۔۔۔

چپ کرو حیدر ابان نے اشارہ کیا۔۔۔۔۔۔

ابان اور حیدر صدمے سے گھر واپس آگئے تھے ابان یار عنایہ تو ہمارے گھر سے ٹھیک گئی تھی وہ خوش تھی پھر اس کے ساتھ زیادتی اور باسط ہمیں گنہگار سمجھ رہا ہے وہ اتنے سالوں کی دوستی سے ہمیں سمجھ نہیں سکا وہ کیسے ایسے کہہ سکتا ہے۔۔۔۔

باسط عنایا کو لے کر گھر آئے اس نے اپنی بہن مایا خان کو بھی بس ایک دن کے لیے بلایا تھا وہ اب اپنی دوسری بہن کو بھی درندوں کی نظروں میں نہیں آنے دینا چاہتا تھا وہ اپنی ایک شہزادی کا کھو چکا تھا دوسری کو نہیں کھونا چاہتا تھا۔۔

عنایا کو دفنا دیا گیا باسط گھر میں بیٹھا عنایا کی تصویریں دیکھ کر رو رہا تھا کہ وہاں دلاور اگیا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

باسط۔۔۔

باسط نے سر اٹھا کر دیکھا تو ایک انجان شخص کو اپنے گھر میں دیکھ کر حیران ہوا۔۔

تمہاری بہن کا سن کر بہت دکھ ہو لیکن مجھے پتہ ہے اس ابان شاہ نے تمہاری بہن کے ساتھ کیا۔۔۔

کیا مطلب آپ کو کیسے پتہ۔۔۔۔۔۔۔۔

میں نے تمہاری بہن کو اس کے گھر سے نکلتے ہوئے دیکھا تھا وہ بہت رو رہی تھی جیسے اس کے ساتھ کسی نے غلط کیا۔۔

اور بیچارہ باسط صدا کا معصوم اس کی باتوں میں آگیا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

وہ ایسا ہی پہلے اس نے میری بھائی کی بیٹی کے ساتھ زیادتی کی اور اس کے دوست حیدر بھی تھا اب تمہاری بہن کے ساتھ۔۔

وہ بہت طاقتور ہیں اس کے آگے پیچھے گارڈز ومتے ہیں اگر ہم دونوں مل جائیں تو اس سے بدلہ لے سکتے ہیں۔۔۔

باسط نے دلاور شیخ سے ہاتھ ملا لیا تھا اور اپنے جگری یار کو ختم کرنے کے لیے۔۔۔

یہاں سے وہ باسط خان سے بنا تھا پاشاہ خان وہ غفلت میں پڑ گیا تھا اس کا کہنا تھا کہ اللہ تو سب کر سکتا تھا نا اس نے عنایا کی جان کیوں نہ بچائی اب اسے کیا پتہ کہ جو خود ہی جینا نہیں چاہتے اس کے کوئی کیسے بچا سکتا ہے-----------------

oooooooooooooooooooooooo

حال------

Posted On Kitab Nagri

باسط میں نے عنایہ کے ساتھ کچھ نہیں کیا تھا وہ مجھ سے پیار کرتی تھی لیکن میں نے منع کر دیا تھا وفا اور جنت کی آنکھوں میں بھی آنسو آگئے تھے

باسط کی بہن کے ساتھ اتنا کچھ ہو گیا تھا ابھی وہ کچھ اور کہتا کہ باسط کے موبائل پر کال آئی تھی وہ کال نہ اٹھاتا لیکن جس بندے کو سونیا کی حفاظت کے لیے رکھا تھا اس کی کال تھی اس نے جلدی سے کال اٹھائی اور جو اس کو سننے کو ملا تھا اس کی آنکھیں سرخ ہو گئ جیسے خون نکلنے والا ہوں۔۔۔

کتوں تم لوگوں کو کس لیے رکھا تھا تم سونیا کی حفاظت نہیں کر سکے وفا کے کان سونیا نام سن کر کھڑے ہوئے تھے میں نے تم لوگوں کو سونیا کی ہی حفاظت کے لیے رکھا تھا اور وہ کبیر تمہاری آنکھوں کے سامنے میری سونیا کو لے گیا۔۔۔۔

جنت کی آنکھوں سے آنسو نکلے تھے کہ اس کا شوہر ابھی بھی سونیا سے پیار کرتا ہے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیا ہوا بھابھی کو وفا بھی جلدی سے آگے ہوئی تھی---

بھابی جنت حیران ہوئی--

ہاں سونیا میری بھابھی ہے باسط بھائی اس دن آپ نے میری بھابی سونو کو خون دیا تھا آپ کو یاد ہو گا میں وہیں تھی-----

او تو تم عمر کی بہن ہو ہاں یاد آیا ایک بات یاد رکھنا وفا تمہارا بھائی عمر پھر سے سونیا کا خیال نہیں رکھ پایا اس دفعہ سونیا کو کچھ ہوا تو عمر کو چھوڑوں گا نہیں---

میں بھی ساتھ چلتا ہوں ابان نے جلدی سے کہا باسط منع نہیں کر پایا جنت اور وفا بھی ساتھ چلنے لگی جنت نے نقاب کیا تو سب چلے گئے------

Posted On Kitab Nagri

باسط کے آدمی اس کا پیچھا کر رہے تھے عمر گھر آیا تو سکینہ بیگم کو خون میں لت پت بے ہوش دیکھا اماں اماں کیا ہوا ہے آپ کو لیکن وہ تو بے ہوش تھی سونیا سونیا اسے کسی گڑبڑاہٹ کا احساس ہوا تھا اس نے پورا گھر دیکھا لیکن سونیا کہیں نہیں تھی۔۔۔۔

اس نے پاگلوں کی طرح جلدی سے فون نکالا اور سونیا کی لوکیشن ٹریس کی اور جلدی سے ایمبولنس کو کال کی سکینہ بیگم کو ہاسپٹل پہنچایا اور خود سونیا کو لینے چلا گیا کبیر تم نے اب میری سونیا کو لے جا کر اچھا نہیں کیا تمہیں اب ایسی موت دوں گا کہ تم سانس لینے کے لیے بھی تڑپو گے۔۔۔۔

پلیز باسط بھائی جلدی کریں پتہ نہیں وہ کبیر کیا کرے سونیا کے ساتھ وفا تو بس پریشانی سے دعائیں مانگتی جا رہی تھی آج اس کبیر کی میرے ہاتھوں موت لکھی آج وہ پاشا کا وہ روپ دیکھے گا کہ اس کی روح کانپ جائے گی۔۔۔

پلیز پلیز کبیر چھوڑو مجھے کبیر نے اسے لا کر کرسی سے باندھ دیا وہ اب زیادہ ہل بھی نہیں سکتی تھی۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تمہیں پتہ ہے تم اس خوبصورتی کو نہ میری ضرورت ہے تم خوبصورت ہی بہت ہو ورنہ وہ عمر اور وہ پاشا تمہاری محبت میں نا پرتے.....

اس پاشاہ نے تمہاری وجہ سے میری کزن کو مار دیا اب اس کے پیار کو مار کر اپنا بدلہ برا کروں گا پہلے تمہاری خوبصورتی سے فائدہ تو اٹھا لوں.

سونیا کو کبیر سے گن آرہی تھی اس کی باتوں سے کبیر پلیز میں تمہاری بھائی کے بچے کی ماں بننے والی ہوں میری طبیعت خراب ہو رہی ہے پلیز مجھے ہاسپٹل لے چلو ابھی وہ کچھ اور کہتی کہ پاشا خان وہاں آیا تھا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کبیر پاشاہ تو دھاڑا تھا۔۔۔

کبیر تو پاشا کو وہاں دیکھ کر کبیر کو سانپ سونگ گیا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

پاشا تم یہاں۔۔۔

ہاں تمہاری موت ہی مجھے یہاں کھینچ لائی ہے.

پاشا نے سونیا کو دیکھا جس کی حالت خراب ہو رہی تھی تب تک عمر بھی وہاں پہنچ آیا تھا وفا نے تو سونیا کو کھولا اور وہاں میرے رکھے بیڈ پر بٹھایا۔۔۔۔

سونو تم ٹھیک ہو نا سونیا نے سر ہاں میں ہلایا..

سونیا سونیا عمر بھی وہاں آگیا تھا تم ٹھیک ہو نا...

عمر میں نے کہا تھا کہ میری محبت سونیا کا خیال رکھنا مگر تم نہیں رکھ سکے تم اس قابل ہی نہیں کہ سونیا تمہارے پاس رہیں میں ہی ہوں جو سونیا کا خیال رکھ سکتا ہوں۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

مہینوں سے میرے بندے تمہارے گھر کے باہر اس کی رکھوالی کر رہے ہیں اور تم اس کے گھر کے اندر اس کے پاس رہ کر بھی اس کا دھیان نہ رکھ سکے..

جنت کو تو شاک پر شاک مل رہے تھے کیا وہ اتنا پیار کرتے تھے کہ اس کی رکھوالی بھی کرتے رہیں..

کبیر ان کی باتوں میں لگا کر سونیا پر گولی چلانی چاہیے بلبل اگر تم میری نہیں تو کسی کی بھی نہیں گولی چلی تھی اور ٹھا کی آواز سے وہاں سناٹا ہوا تھا ایک ٹائم پر تین گولیاں چلی تھی --------

سونیا تو سامنے خون میں لت پت باسط کو دیکھ رہی جو پھر سے اس کی گولی خود پر لے چکا تھا..

باسط اور عمر کی گولیوں سے کبیر کے سر پر اور سینے پر لگی تھی جو کہ گر کا موقع پر ہی مر گیا تھا اس کا انجام بھی برا ہوا تھا..

Posted On Kitab Nagri

باسط جنت بھاگتے ہوئے اس کے پاس آئی تھی۔۔

باسط میرے یار یہ یہ کیا کیا تم نے آبان کو وہ پانچ سال پہلے والا واقعی یاد آیا تھا۔۔۔

باسط سونیا بھی سکتے میں تھی عمر اگر میں زندہ رہا نا تو سب سے پہلا کام میں تمہارا تمام کرو گا اور سونیا کو تمہاری ضرورت نہیں اسے میں، آؤ گا اپنے پاس۔۔۔

وہ درد میں بھی سونیا کا خیال کر رہا تھا اسے لے کر جاؤ ہاسپٹل اس کی طبیعت خراب ہو رہی ہے وہ اٹکتے ہوئے بھولا تھا۔۔

عمر نے جلدی سے سونیا کو اٹھایا اور ابان نے باسط کو اٹھایا دونوں کو ہی ہاسپٹل لے جایا گیا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

جنت تو بس سکتے میں بیٹھی تھی کہ اس کے شوہر نے کسی اور کی گولی کھا لی اور اپنی جان خطرے میں ڈال دی تھی اور ایک دفعہ بھی جنت کے بارے میں نہیں سوچا تھا سب لوگ سونیا اور اس کے بچے کے لیے دعا گو تھے۔۔۔

اس کبیر کی لاش کو پولیس اسٹیشن لے جایا گیا تھا اس ٹائم ہاسپٹل میں تین لوگ ایڈمٹ سے سکینہ بیگم باسط اور سونیا۔۔

سکینہ بیگم کا آپریشن کر کے جب ڈاکٹر باہر نکلے تو وفا اور عمر اس کی طرف گیا ڈاکٹر صاحب میری امی کیسی ہیں۔۔

سوری بیٹا ان کا خون بہت ضائع ہو گیا ہے جس کی وجہ سے ان کا جسم سارا پیرالائز ہو گیا ہے۔۔۔۔۔

وہ شاید اب کبھی چل نا پائے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

یہ خبر ان پر کسی کی قیامت سے کم نہیں تھی عمر بھائی ہمارے گھر کو کس کی نظر لگ گئی یہ کیا ہو گیا ہمارے ساتھ سونو کی بھی کوئی خبر نہیں آ رہی ہے۔۔

تم فکر نہیں کی کرو گڑیا سب ٹھیک ہو جائے گا چلو ہاؤ سونی اور باسط کے پاس چلتے ہیں ابان وفا عمر بس تین لوگوں کے درمیان کا گھن چکر بنے ہوئے تھے۔۔

ڈاکٹر میری بیوی کیسی ہے۔۔۔

دیکھیے ابھی ہم کچھ کہہ نہیں سکتے ان کا بہت بی پی لو ہو گیا تھا وہ کور نہیں ہو رہا بس دعا کریں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عمر پریشانی سے سر پر ہاتھ پھیرنے لگا وفا جنت کے پاس بیٹھی تھی جنت تم پریشان نہ ہو باسط بھائی ٹھیک ہو جائیں گے۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیسے پریشان نہ ہوں میں وفا مجھ سے ان کی حالت نہیں دیکھی جا رہی تھی ان کو گولی لگی تھی میرا دل کر رہا تھا کہ میں ان کے گولی کاش مجھے لگ جاتی تم دعا کرو نا وہ ٹھیک ہو جائے میں نہیں رہ سکتی ہوں باسط کے بغیر نہیں رہ سکتی میں۔۔۔

وہ ٹھیک ہو جائے گے جنت۔۔۔وفا خود بھی بہت پریشان تھی۔۔۔

باسط کی طرف سے ڈاکٹر کوئی جواب نہیں دے رہے تھے ابھی تو مجھے میرا دوست واپس ملا تھا اب اسے کچھ ہو گیا تو میں کیا کروں گا حیدر بھی ابان کے پاس آگیا تھا ابان نے حیدر کو بتایا کہ وہ غلط فہمی میں جی رہا تھا لیکن ابھی تک عنایہ کہ گنہگار کا پتہ نہیں چلا تھا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

oooooooooooooooooo

نسیم بیگم سے اپنی بیٹی کی حالت دیکھی نہیں جا رہی تھی آج انہوں نے فیصلہ کیا تھا کہ وہ زمل سے بات کریں گی وہ اس کے کمرے میں گئی تو وہ سامنے بیڈ پر ہی بیٹھی موبائل میں شازم کی تصویریں دیکھ کر باتیں کر رہی تھی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اے لڑکی تم آخر چاہتی کیا ہو کیوں میرے بچی کی زندگی خراب کر رہی ہو ان دونوں کو الگ کر رہی ہو۔۔۔

ارے آنٹی سانس تو لیں ایک دم سے آکر مجھ معصوم پر شروع ہو گئی ہیں میں تو کچھ نہیں چاہتی سوائے آپ کی بیٹی کی موت اور شازم کے۔۔۔۔

نسیم بیگم کا ہاتھ دل پر گیا تھا اپنی بیٹی کی موت کا سن کر تم ایسا کچھ نہیں کرو گی بے غیرت لڑکی جس تھالی میں کھا لیے کھایا اسی میں چھید کر رہی ہو ہم سب تمہیں بچی سمجھتے رہے ہو تم یہ کھیل کھیل رہی ہو۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہاں تو کیا ہوا میں بس چاہتی ہوں میں اس حویلی میں ہوں اس حویلی کی بہو بن کر۔۔۔

تم میری بیٹی کی زندگی برباد نہیں کر سکتی۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

آپ روکیں گے مجھے روکیں گی آپ وہ غصے سے چیخی تھی۔۔۔

ہاں میں روکوں گی تمہاری سچائی سب کو بتاؤں گی۔۔

اچھا آج تک اس نین کی بات پر تو کسی نے یقین نہیں کیا آپ کو کیا لگتا ہے آپ کی بات پر یقین کریں گا۔۔

ہاں مجھ پر نہ سہی اس موبائل کی ریکارڈنگ پر تو یقین کریں گے نا نسیم بیگم ذمک کے کے آگے موبائل لہراتے ہوئے بولی زمل کا ایک دفعہ رنگ اڑا تھا۔۔۔

زمل نے سب کچھ اگل دیا تھا اب دیکھنا میں کیسے سچائی سب کے سامنے لاتی ہوں تمہاری۔۔

اری آنٹی آپ یہاں سے صحیح سلامت جائیں گی تو سب کو بتائیں گی نا زمل نے ان سے موبائل چھیننے کی کوشش کی نسیم بیگم نے زمل کو دھکہ دیا اور باہر کو بھاگی۔

Posted On Kitab Nagri

زمل بھی جلدی سے ان کے پیچھے بھاگتی تھی ابھی نسیم بیگم سیڑھیوں کے پاس پہنچی تھی کہ زمل انہوں نے دھکہ دے دیا اور جب کہ نین اپنے کمرے سے نکل رہی تھی اس نے زمل کو دھکہ دیتے ہوئے دیکھ لیا۔۔

امی۔۔۔۔نین کی چیخ نکلی تھی۔۔۔

زمل بھی ایک دفعہ سکتے میں آگئی تھی اور نسیم بیگم کو سیڑھیوں سے گرتا ہوا دیکھ رہی تھی ..

یہ کیا کیا تم نے زمل میری ماں کو مار دیا فرزانہ بیگم داد جی جلدی سے آگے بڑھے تھے شازم بھی ہاسپٹل سے واپس آگیا تھا اس نے بھی نسیم بیگم کو خون میں لت پت دیکھا تھا موبائل ٹوٹ کر ٹکرو میں تقسیم ہو گیا تھا۔۔

Posted On Kitab Nagri

امی امی اٹھے امی آپ کو کچھ نہیں ہو گا شازم جلدی سے اٹھاؤ نسیم کو ہاسپٹل لے کر چلو دا جی بولے تھے شازم

نے جلدی سے اسے اٹھایا اور ہاسپٹل لے گیا۔۔

وہاں سب ہی گئے تھے سوائے زمل کے اگر ان کو ہوش آگیا تو سب کو بتا دیں گے کہ میں نے دھکہ دیا ہے وہ ابھی بھی بے حس بنی اپنا ہی سوچ رہی تھی.....

○○○○○○○○○○○○○○○○○○○○○

ڈاکٹر صاحب میری بیوی کیسی ہے..

مبارک ہو آپ کی بیوی بھی ٹھیک ہے اور آپ کو بیٹی ہوئی ہے..

اور شکر ہے اللہ کا عمر جلدی سے سجدے میں گیا تھا وفا بھی خوش ہوتے ہوئے آبان کے گلے لگی تھی بھائی وہ عمر کو اٹھانے لگی میں نے کہا تھا نا سب ٹھیک ہو جائے گا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ڈاکٹر ہم کب تک مل سکتے ہیں بس تھوڑی دیر میں دوسرے روم میں شفٹ کر دیں گے تب آپ اپنی بیٹی سے مل سکیں گے اور بیوی سے بھی۔۔

مبارک ہو وفا جنت بھی بولی تھی۔۔

جنت پریشان نہ ہوں اللہ سب ٹھیک کرنے والا سب ٹھیک ہو گا تھوڑی دیر بعد باسط کے روم سے بھی ڈاکٹر باہر ڈاکٹر میرے شوہر کیسے ہیں جنت فورا سے آگے ہوئی تھی۔۔

آپ کے شوہر اب خطرے سے باہر ہے پریشان ہونے کی ضرورت نہیں آپ کو جنت کی آنکھوں سے آنسو نکلے تھے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

دیکھا جنت میں نے کہا تھا باسط بھائی بھی ٹھیک ہو جائے گے۔۔۔۔

سونیا اور باسط کو بھی الگ الگ روم میں شفٹ کر دیا گیا تھا سب سے پہلے سب سونیا کی طرف گئے تھے جو کہ بس گود میں اپنی بیٹی کو لے کر دیکھ رہی تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

مبارک ہو بیگم عمر نے بولا سونیا نے اس کی طرف دیکھا خیر مبارک میاں جی وہ بھی خوش ہوتے ہوئے بولی۔۔۔

ارے سونو مبارک ہو مجھے پھپو بنا دیا وہ اس گڑیا کو اٹھاتے ہوئے بولی۔۔

مبارک ہو سونیا جنت نے بھی اسے خوش نصیب لڑکی کو دیکھا تھا جس کے پیچھے اس کا شور پاگل تھا۔۔

خیر مبارک جنت تھینک یو۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

باسط کیسا ہے اب سونیا نے عمر سے پوچھا وہ بھی خطرے سے باہر ہے تھوڑا دیر میں ہوش آجائے گا۔۔

شاہ جی دیکھیے نا یہ تو بالکل مجھ پر گئی ہے میری بھتیجی کتنی پیاری ہے نا شاہ جی دیکھیے نا۔۔

Posted On Kitab Nagri

ہاں ہاں میری جان میں دیکھ رہا ہوں۔۔۔۔۔

سونیا کو خیال آیا ہے کہ کبیر اور سکینہ بیگم بات کر رہے تھے کہ ابان نے وفا کو خریدا ہے وہ ابان کا پیار وفا کے لیے دیکھ کر چپ کر گئی تھی..

عمر امی کیسی ہیں..

سونیا ان کو پیرالائز ہو گیا ہے وہ اب کبھی چل نہیں پائیں گے سونیا کو ان کے لیے بہت دکھ تھا...

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

تھوڑی دیر بعد باسط کو بھی ہوش آگیا تھا جنت تو باسط کے پاس بیٹھ کر اس پر صورتیں پڑھ کر پھونک رہی تھی

باسط۔۔۔جنت نے اسے ہوش میں آتے دیکھ کر پکارا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

جنت سونیا کیسی ہے اس دیوانے کا منہ سے نکلا بھی تو سونیا کے لیے فکرمندی کے الفاظ نکلے تھے۔۔۔

سونیا ٹھیک ہے باسط اور ماشاءاللہ سے عمر و سونیا کا گھر بیٹی پیدا ہوئی ہے ان کی فیملی مکمل ہے جنت نے منہ بنا کر جواب دیا اسے غصہ آرہا تھا کہ باسط کو اپنے ہی فکر نہیں ہے بلکہ سونیہ کی فکر ہے۔۔۔۔۔

ooooooooooooooo

میری چھمک چھلو حیدر نے اندر آتے ہی مضنوعی آنکھوں صاف کرتے ہوئے کہا تھا باسط نے کئی سالوں بعد اپنے لیے یہ لفظ سنا تھے اس کی آنکھوں سے آنسو نکلے تھے اتنا مس کیا تھا اپنے دوستوں کو لیکن وہ چاہ کر بھی ان کے پاس نہیں جا سکتا تھا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

باسط کیا تم کو شوق ہیں گولیاں کھانے کا پانچ سال پہلے تم نے میرے گولی خود پر کھائی اس کے بعد اب سونیا کی گولی خود پر کھا لی تم مرنا چاہتے ہو تو مجھے بتا دو اپنے ہاتھوں سے ماروں گا ابان غصے سے بولا۔۔۔

اگر تمہیں کچھ ہو جاتا تم ہو تو کبھی معاف نہیں کر پاتا آبان کی آنکھوں میں بھی آنسو آگئے تھے۔۔۔

لیکن باسط کے پاس تو کوئی لفظ نہیں تھے بولنے کے لیے ابان ابھی وہاں ہی تھا کہ اسے کال آئی تھی کہ نسیم بیگم کی سیڑھیوں سے گر کر ڈیتھ ہو گئی ہے۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

کیا چچی کیا ہوا ابان سے تو کچھ بولنا ہی نہیں ہو رہا تھا۔۔

بیٹا تم بس آجاؤ فرزانہ بیگم نے روتے ہوئے کہا۔۔

اماں میں ابھی آتا ہوں وفا کو لے کر۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیا ہوا ہے آبان حیدر نے پوچھا۔۔

حیدر وہ میری چچی کی ڈیتھ ہو گئی ہے مجھے ابھی جانا ہو گا باسط میں دوبارہ آؤں گا تم سے ملنے ابھی وہ نکلنے لگے تھے کہ مایا بھی آگئی۔۔۔

باسط اسے دیکھ کر حیران ہوا تھا اور غصے سے اسے دیکھنے لگا تھا۔۔

مایا آپ یہاں ابان نے حیران ہوتے ہوئے پوچھا۔۔۔

ہاں وہ حیدر نے فون کر کے بتایا کہ ان کے دوست کو گولی لگی اور وہ ہاسپٹل میں موجود ہیں تو میں نے سوچا میں بھی خیر و حافیت پوچھ لو۔۔۔

چلو تم بیٹھو ہم جا رہے ہیں۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

کہاں جا رہے ہو تم آبان مایا نے پوچھا تو وفا نے غور سے اس کو دیکھا جو اس کے شوہر میں کچھ زیادہ ہی انٹرسٹ لے رہی تھی۔۔۔۔

میری چچی کی ڈیتھ ہو گئی ہے ہمیں وہاں جانا ہے وفا تو بس رو رہی تھی۔۔

حیدر پھر ہم میں بھی جہاں جانا چاہیے مایا نے حیدر کو کہا۔۔

ہاں ابان روکو ہم بھی جاتے ہیں مایا نے سرخ آنکھوں کے ساتھ ضبط کرتے ہوئے باسط کو دیکھا تھا اس کا اکلوتا بھائی تھا لیکن اس نے ظاہر نہیں ہونے دیا تھا مایا نے بھی باسط کا عام لہجے میں حال پوچھا جب کہ باسط بھی اپنی بہن کے دل کا حال جان چکا تھا وہ کس ضبط سے آنسو روکے کھڑی ہے۔۔۔۔۔۔۔

مایا بھی آبان حیدر کے ساتھ چلی گئی۔۔۔۔۔

ooooooooooooooooooo

Posted On Kitab Nagri

مار دیا مار دیا میری ماں کو مار دیا اس لڑکی نے میری ماں کو مار دیا نین روتے ہوئے چیخ رہی تھی میں چھوڑوں گی نہیں اسے اس لڑکی نے میری ماں کو مارا ہے میں نے خود دیکھا تھا حویلی کی صحن میں نسیم بیگم کا مردہ جسم پڑا تھا۔۔

فرزانہ بیگم اسے سنبھال رہی تھی لیکن وہ تھی کہ سنبھل ہی نہیں رہی تھی۔۔

شازی آگے ہوا تو نین نے اسے جھٹکا دیا سب تمہاری وجہ سے ہوا ہے شازم شاہ نہ تم اس چڑیل کو لے کر آتے نا ہی میری ماں کو کھاتی تم ذمہ دار ہو میری ماں کی موت کے۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

داد جی تو بس آج اپنے بیٹوں کے بعد اپنی بہو کو کھو چکے تھے وہ تو ساکت بیٹھے تھے پورا گاؤں جمع ہوا تھا زمل تو بس جھوٹے آنسو بہائے جا رہی تھی اس نے شکر کیا تھا کہ کانٹا نکلا اب اس کا کوئی راز نہیں کھول سکے گا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ابان وفا حیدر مایا بھی آ گئے تھے وفا تو بس فرزانہ بیگم کے ساتھ نین کو سنبھال رہے تھے وہ بھی اب رو رو کر ساکت ہو گئی تھی نین پلیز خود کو سنبھالو شازم اس کی باتوں کی وجہ سے اس کے نزدیک ہی نہیں ہوا تھا تھوڑی دیر بعد نسیم بیگم کو دفنا دیا گیا سب لوگ اپنے اپنے گھروں کو چلے گئے تھے۔۔

حیدر نے بھی سب کے ساتھ تعزیت کی تھی سب لوگ حیدر کو بھی جانتے تھے لیکن مایا کو دیکھ کر سب حیران ہوئے تھے۔۔۔

السلام علیکم آنٹی مایا نے فرزانہ بیگم کو سلام کیا۔۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وعلیکم السلام بچی۔۔۔۔۔

مایا دا جی سے بھی ملی۔۔

آنٹی بہت افسوس ہوا ہے۔۔

Posted On Kitab Nagri

بس بیٹا کیا کہ سکتے ہیں۔۔۔۔

نین تو کچھ بھی کھا پی نہیں رہی تھی وہ کمرے میں بیٹھی روتی ہوئی جا رہی تھی کہ وہاں شازم کھانا لے کر آگیا۔۔

نین کھانا کھا لو لیکن نین کچھ نہ بولی۔۔۔

شازم اس کے پاس بیٹھا اسے کھانا کھلانے لگا تو نین اس کا ہاتھ جھٹکا۔۔۔

جس کی وجہ سے نوالہ نیچے گر گیا تھا شازم مجھے کھانا نہیں کھانا تم یہاں سے جا سکتے ہو مجھے تمہارے ضرورت نہیں ہم تمہاری ضرورت اس زمل کو ہے جا کر اسے کھانا کھلاؤ۔۔۔

نین زمل ہماری ہر بات میں کہاں سے آجاتی ہے۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

کیونکہ تم اسے لے کر آئے ہو ہمارے گھر اسی نے میری ماں کو مارا ہے۔۔۔

بس کر دو نین مجھے پتا ہے چچی کے جانے کا دکھ ہے مجھے بھی دکھ ہے تم ذمل سے نفرت کرتی ہو لیکن وہ کیوں مارے گی چچی کو۔۔۔

کیونکہ ماما کو پتہ چل گیا تھا کہ وہ ڈرامے کر رہی ہے اسی لیے اس نے مار دیا سب تمہاری وجہ سے ہوا ہے دفع ہو جاؤ تم یہاں سے اپنی اس چہیتی کے پاس۔۔۔

نین آپی زمل بھی کہیں سے ادھمکی تھی۔۔

تم تم اب کیوں آئی ہو میری ماں کو مار کر سکون نہیں ملا جو اب یہاں مجھے دیکھنی آئی ہو۔

لیکن آپی میں نے کچھ نہیں کیا۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ٹھیک ہے نہیں کچھ یہ تو نکلو یہاں سے تم دونوں نکلو یہاں سے وہ چیختے ہوئے کہہ رہی تھی وفا بھاگتی ہوئی کمرے میں آئی تھی نین خود کو سنبھالو پلیز۔۔۔۔

وفا ان دونوں سے کہو کے یہ یہاں سے چلے جاے ورنہ میں اپنے ساتھ کچھ کر لوں گی۔۔۔

شازم تو اپنی نین کی حالت دیکھ کر اس کی آنکھوں میں بھی آنسو آ گئے تھے۔۔۔

وہ زمل کو لے کر باہر چلا گیا۔۔۔

وفا نے مشکل سے میڈیسن دے کر نین کو سلایا تھا

مایا بھی نین کے پاس آئی تھی۔۔۔

سارا سارا دن اب نین کمرے میں رہتی تھی۔۔

Posted On Kitab Nagri

دا جی فرزانہ مایا سب اس کو دھیان بٹانے کی کوشش کرتے تھے لیکن وہ چپ کر گی تھی

---

ooooooooooooooo

اسلام علیکم!

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

سونیا نے اپنی بیٹی کا نام سارا ملک رکھا تھا جو کہ بالکل وفا پر چلی گئی تھی۔۔

پاشا بھی گھر آگیا تھا جنت اس کا بھرپور خیال رکھ رہی تھی لیکن وہ ناراض بھی تھی اور باسط اس کے ناراضگی دیکھ کر رہا تھا لیکن کچھ کہہ نہیں پا رہا تھا۔

اس کا پھولا پھولا منہ دیکھ کر باسط کو ہنسی بھی آرہی تھی آج اس نے جنت سے بات کرنے کا ارادہ کیا۔۔

جنت آپ کیوں ناراض ناراض گھوم رہی ہیں۔۔

کچھ نہیں باسط آپ کو میری کیا فکر آپ جائیں دوسروں کی گولیاں اپنے اوپر کھائیں میری تو کوئی آپ کو ٹینشن ہی نہیں ہے کہ اگر آپ کو ہو جاتا تو میرا کیا ہوتا۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں تو آپ کو کچھ نہیں کہ سکتی میں آپ کی کچھ لگتی نہیں ہو نا جنت تو رونے لگ گئی تھی-----

جنت دیکھیے مجھے کچھ نہیں ہوا---

اگر ہو جاتا تو----

ہوا تو نہیں نا آج باسط کو بھی جنت سے بات کر کے اچھا لگ رہا تھا وہ دیکھ رہا تھا کہ جنت اس کا کتنا خیال رکھ رہی ہے اس سے کتنا پیار کرتی ہے---

باسط اب وعدہ کریں آپ کبھی ایسا نہیں کریں گے دوبارہ ورنہ میں بھی مر جاؤں گی---

جنت----خاموش آپ ایسا کیسے کہہ سکتی ہیں آپ تو میری گنہگار زندگی میں میرے گناہوں کو معاف کروانے آئی ہے----

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

میں نے خود سے وعدہ کیا تھا کہ اگر سونیا میری نہیں ہوئی تو کیا ہوا میں ہمیشہ اس کی حفاظت کروں گا۔۔۔

اگر اس کے لیے مجھے جان بھی دینی پڑی تو دوں گا۔۔

باسط کیا آپ مجھ سے کبھی پیار نہیں کریں گے۔۔۔

باسط کیا آپ مجھ سے کبھی پیار نہیں کریں گے۔۔۔

جنت آپ میری محرم ہے اگر آپ سے پیار نہی کرونگا تو کس سے کروں گا میری زندگی میں سونیا آئی تھی شاید دل میں رہے گی۔۔۔۔

لیکن آپ کا مقام الگ ہے آپ میری بیگم ہے میری ہونے والی بچوں کی پیاری ماما ۔۔۔آپ آئی ہیں تو مجھے پتہ چلا کہ میری زندگی میں بھی کوئی آسکتا ہے جو میرا خیال رکھ سکتا ہے۔۔۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

آپ دو دن سے منہ پھلا کر گھوم رہی میں نے سوچا آج اپنی بیگم کو منا لیں۔۔۔

جنت اس کی بات سن کر شرم سے سرخ ہویں تھی۔۔
باسط۔میں آپ سے بہت پیار کرتی ہوں اور میں ہمیشہ آپ کے ساتھ رہونگی جنت نے اس کے کندھے پر سر رکھا تو باسط نے میں اس کو سر پر بوسہ دیا۔۔۔۔

oooooooooooooooooo

نسیم بیگم کو گزرے ہوئے کو ہفتہ ہو گیا تھا سب واپس نارمل ہو رہے تھے مایا بھی وہاں کے حالات دیکھ رہی تھی مایا ایک شاطر لڑکی تھی وہ زمل کے انداز سے ہی پتہ لگا چکے تھے اسے بھی نین کے لیے دکھ ہو رہا تھا ابان کے گھر والوں تو بہت اچھے ہیں یہ ابان کس پر چلا گیا ہے لڑکیوں کا استعمال کرنا اور بعد میں آنے مار دینا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اگر نہیں پتا تو میں ابان کا مکروہ چہرہ سب کے سامنے لاؤں گی وہ بیٹھی سوچ رہی تھی کہ اس کے موبائل پر اس کی سوچوں میں حلت ڈالا تھا اس نے دیکھا تو حیدر کی کال تھی اس کے چہرے پر مسکراہٹ آئی تھی۔۔۔

ہیلو جانو۔۔۔

اف حیدر۔۔۔۔

ہائے جب تو اففف حیدر کہتی ہو تو یقین کرو دل پر لگتی ہوں۔۔۔

کسی دن میں نے تمہیں اپنے ہاتھوں سے مار دینا ہے۔۔

ہائے کب وہ دن آئے گا جب تم اپنے حسین ہاتھوں سے مجھے مارو گی۔۔۔

بہت جلد وہ شرارت سے کہنے لگی۔۔۔

Kitab Nagri www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تم مجھے وہاں جا کر بھول ہی گئی ہو۔۔۔

ارے نہیں میں بلا اپنے ٹھرکی مین کو بول سکتی ہوں کیا

میں تمہیں خود کو بھولنے بھی نہیں دوں گا آگر تم نے مجھے بھولنے کی کوشش کی تو میں اپنی جان دے دوں گا۔۔

ہاہا حیدر کہاں سے سیکھتے ہو ایسی فلمی باتیں۔۔

ارے جانو تمہارے لیے تو دل سے باتیں نکلتی ہیں دل سے کئی گھنٹے ان دونوں کی باتیں چلتی رہیں تھیں۔۔۔

باسط کو تو کچھ پتہ نہیں تھا کہ مایا وہاں کس ارادے سے گئی وہ تو سمجھ رہا تھا وہ گاؤں گھومنے گئی ہے اگر اسے پتہ ہو تو وہ کبھی بھی مایا کو ایسا قدم نہ اٹھانے دیتا۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

ooooooooooooooooooo

عمر اور سونیا بھی سکینہ بیگم کا اچھے سے خیال رکھ رہے تھے انھی کی کسی چیز کی کمی نہیں ہونے دیتے تو ان کو۔۔۔

سکینہ نے سونیا سے ہاتھ جھور اور معافی مانگی تھی ان کے گناہوں کی سزا انہیں دنیا میں ہی مل گئی تھی لیکن سونیا نے اچھی بیٹیوں کی طرح معاف بھی کر دیا تھا سکنہ بیگم بس سارا دن بستر پر ہی پڑی رہتی تھی لیکن ان کے ہاتھ سلامت تھے وہ سارا کو سنبھال لیتی تھی اور سونیا سارے کام کرتی تھی عمر اور سونیا باسط سے بھی ملنے گئے تھے۔۔۔۔

باسط نے عمر پر بہت غصہ کیا تھا لیکن سونیا نے بات کو سنبھال لیا تھا اور باسط کو کہا کہ جنت تمہاری بیوی ہے مجھے چھوڑ کر اس کی طرف دھیان دو باسط نے بھی سر میں ہاں ہلا دیا تھا۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

○○○○○○○○○○○○○○○○○○○

ہے۔۔۔تھینک یو باسط میرے بیوی اور میرے بچے کو بچانے کے لیے...

تھینکس کی ضرورت نہیں ہے عمر تم اب خیال رکھنا اور جہاں تک میری بات ہے میں ہمیشہ سونیا کی حفاظت کرتا رہوں گا لیکن اب میری زندگی میں جنت آگئی ہے میں اسی کے ساتھ اپنی زندگی گزارنا چاہوں گا عمر و سونیا بھی کھانا کھا کر چلے گئے تھے باسط کو تو وہ گھولو مولو سی سارا بہت پیاری لگے تھی اور جنت نے تو اسے چھوڑا ہی نہیں تھا اتنی پیاری لگی تھی۔۔۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

باسط ہمیں بھی سارا جیسی بیٹی چاہیے وہ خوش ہوتے ہوئے بولی جب بات سمجھ میں آئی تو دانتوں تلے زبان دبا دی۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

اہہ تو اچھا ہماری بیگم کو سارا جیسی بیٹی چاہیے لیکن مجھے تو بالکل آپ جیسی چاہیے۔۔۔چلو ٹھیک ہے بیگم پھر پروسس شروع کرتے ہے سارا جیسی بیٹی لانے کے لیے باسط نے آنکھ مارتے ہوئے جنت کے کان میں کہا۔۔۔

بب۔باسط مم۔میرا وہ مطلب نہی تھا۔۔۔

آہہ۔پھر کیسا مطلب تھا میری بیگم کا

جنت تو یہ بات کر کے پچھتائی تھی اور وہ شرما کر باہر کو بھاگی تھی۔۔۔۔۔۔۔

oooooooooooooooooooooo

مایا نین اور وفا کے پاس آگئے۔۔

نین۔۔۔۔

Posted On Kitab Nagri

نین نے مایا کی طرف دیکھا اگر میں تمہاری مدد کروں زمل کا راز کھولنے میں تو تم لوگ میرا ساتھ دو گی۔۔۔۔

کیسے نین جلدی سے بولی۔۔۔

